# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

## *OFFICIAL REPORT*

Monday, 10th November, 2025
(355th Session)
Volume XI, No.04
(Nos. 01-08)

Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad

| | |
|---|---|
| Volume XI | SP.XI (04)/2025 |
| No.04 | 04 |

``

# Contents


1. Recitation from the Holy Quran ............................................ 1
2. Leave of Absence.................................................................. 2
3. Further discussion on the Motion regarding the Constitution (Twenty-seventh Amendment) Bill, 2025.............................. 3
    - Senator Shahzaib Durrani ..................................... 3
    - Senator Zamir Hussain Ghumro............................ 9
    - Senator Fawzia Arshad........................................ 14
    - Senator Poonjo Bheel .......................................... 18
    - Senator Amir Waliuddin Chishti.......................... 22
    - Senator Quratulain Marri.................................... 25
    - Senator Khalil Tahir ............................................. 28
    - Senator Muhammad Abdul Qadir....................... 34
    - Senator Jam Saifullah Khan................................. 38
    - Senator Syed Waqar Mehdi ................................ 43
4. Presentation of report of the Standing Committee on Law and Justice on [The Constitution (Twenty-seventh Amendment) Bill, 2025] ...................................................... 48
    - Senator Farooq Hamid Naek............................... 49
    - Senator Syed Faisal Ali Subzwari......................... 55
    - Senator Khalida Ateeb ........................................ 62
    - Senator Rubina Khalid......................................... 64
    - Senator Atta-ur-Rehman..................................... 67
    - Senator Aimal Wali Khan..................................... 68
    - Senator Mohammad Ishaq Dar, Leader of the House ................................................................ 71
    - Senator Azam Nazeer Tarar, Minister of Law and Justice ............................................................... 71
5. Motion under Rule 263 moved for dispensation of Rules.... 73
6. Consideration and Passage of [The Constitution (Twenty-seventh Amendment) Bill, 2025].......................................... 73
    - Senator Mohammad Ishaq Dar......................... 104
    - Senator Saifullah Abro ...................................... 114
    - Senator Naseema Ehsan .................................. 115

**SENATE OF PAKISTAN**
**SENATE DEBATES**

Monday, 10th November, 2025

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at thirty minutes past eleven in the morning with Mr. Presiding Officer (Senator Manzoor Ahmad) in the Chair.

----------------

## Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

وَ الَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمْ وَ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۖ وَ اَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ ۖ وَ مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ
يُنْفِقُوْنَ ﴿٣٨﴾ وَ الَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَهُمُ الْبَغْيُ هُمْ يَنْتَصِرُوْنَ ﴿٣٩﴾ وَ جَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ
مِّثْلُهَا ۚ فَمَنْ عَفَا وَ اَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٤٠﴾ وَ لَمَنِ انْتَصَرَ
بَعْدَ ظُلْمِهٖ فَاُولٰٓئِكَ مَا عَلَيْهِمْ مِّنْ سَبِيْلٍ ﴿٤١﴾ اِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَى الَّذِيْنَ يَظْلِمُوْنَ
النَّاسَ وَ يَبْغُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٤٢﴾

ترجمہ: اور جو اپنے رب کا حکم مانتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں اور ان کے لیے سارے کام باہمی مشورے سے طے ہوتے ہیں اور جو رزق ہم نے انہیں دیا ہے اس سے خرچ کرتے ہیں۔اور جب ان پر زیادتی کی جاتی ہے تو وہ اُس کا (مناسب) بدلہ لیتے ہیں۔ اور برائی کا بدلہ ویسے ہی برائی ہے، پس جو معاف کر دے اور اصلاح کر دے تو اس کا اجر اللہ تعالیٰ کے پاس ہے، بے شک وہ ظالموں سے محبت نہیں کرتا۔اور جو بدلہ لیتے ہیں اپنے اُوپر ظلم ہونے کے بعد پس یہ لوگ ہیں جن پر کوئی ملامت نہیں۔بے شک ملامت اُن پر ہے جو لوگوں پر ظلم کرتے ہیں اور فساد برپا کرتے ہیں زمین میں ناحق، یہی ہیں جن کے لیے دردناک عذاب ہے۔

(سورۃ الشوریٰ: آیات ۳۸ تا ۴۲)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جزاک اللہ۔السلام علیکم۔

## Leave of Absence

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر سید فیصل علی سبزواری صاحب نے بعض نجی مصروفیات کی بنا پر گزشتہ 354 ویں مکمل اجلاس کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر سیف اللہ ابڑو صاحب نے بعض نجی مصروفیات کی بنا پر گزشتہ 351 تا 354 ویں اجلاسوں کے دوران مختلف تاریخوں میں اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے تھے۔ اس لیے انہوں نے ان تاریخوں کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور صاحبہ نے بیرون ملک سرکاری مصروفیات کی بنا پر گزشتہ 354 ویں اجلاس کے دوران مورخہ 30 ستمبر اور 3 اکتوبر کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر لیاقت خان ترکئ صاحب نے ناسازیِ طبعیت کی بنا پر حالیہ مکمل اجلاس کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: کل کچھ تقریریں سینیٹر صاحبان کی رہ گئی تھی Constitution میں ترمیم کے حوالے سے تو ہم پہلے تقریریں لے لیتے ہیں اس کے بعد ہم Business کی طرف چلے جائیں گے۔ چیئرمین سینیٹ صاحب نے کچھ جو رہ گئے تھے ہمارے دوست سینیٹر صاحبان اُن سے وعدہ کیا تھا، commit کیا تھا، ایوان میں decide ہوا تھا۔ چھ سات تقریریں ہیں ان کو لے لیتے ہیں اس کے بعد ہم Business کی طرف آتے ہیں۔ جی، سینیٹر شاہ زیب درانی صاحب۔

## **Further discussion on the Motion regarding the Constitution (Twenty-seventh Amendment) Bill, 2025**

**Senator Shahzaib Durrani**

سینیٹر شاہ زیب درانی: شکریہ، جناب چیئرمین! اس موضوع پر بات کرنے سے پہلے میں یہ عرض کروں گا کہ جیسا کہ کل طے پایا تھا کہ ہم سب ایوان کے دونوں طرف ایک دوسرے کی تقاریر سنیں گے اور ایک مہذب قوم بننے کی کوشش بھی کریں گے اور اس کا عملی مظاہرہ بھی کریں گے۔

جناب چیئرمین! اس چیز کو continue کرتے ہوئے میں کہوں گا کہ کل یہاں پر بڑی باتیں ہوئیں کہ آئین پامال ہو گیا، پارہ پارہ کر دیا، کسی نے 9/11 کی بات کی لیکن کوئی یہ نہیں بتا رہا اور آیا کہ انہوں نے شاید وہ ترامیم پڑھی نہیں ہیں یا دیکھا نہیں ہے کہ اس میں مسئلہ کیا ہے، کوئی اس پر بات کیوں نہیں کرتا ہے۔ انہوں نے صرف Constitutional Court کی تھوڑی سی بات کی ہے، باقی تو ان کی ساری کہانی قید سے شروع ہو کر رہائی پر ختم ہو رہی تھی۔ کتنا اچھا ہوتا کہ یہ بات کرتے اور کہتے کہ آپ ان آئینی ترامیم میں مزید ترامیم لائیں، کوئی بات کرتے، اس پر discussion کرتے، کوئی constructive discussion ہوتی، کمیٹیوں میں جاتے، اپنی ترامیم لاتے، کسی نے بھی اس پر بات نہیں کی اور صرف کہا کہ پامال کر دیا۔ ان سے کوئی یہ تو پوچھے کہ اس میں مسئلہ کیا ہے، کوئی discussion کریں اور بتائیں تو سہی۔

سینیٹر حامد خان صاحب، آپ کے اپنے ہی چیئرمین اس کے signatory تھے۔

(مداخلت)

سینیٹر شاہ زیب درانی: جناب چیئرمین! میں نے پہلے ہی کہا تھا کہ اگر دونوں اطراف ہم تھوڑا سا صبر کا مادہ پیدا کریں، ایک دوسرے کی باتیں سنیں، ہم نے آپ کی میٹھی کھٹی باتیں سنیں، آپ ہماری بھی سن لیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: درانی صاحب، براہ مہربانی آپ اپنی تقریر کریں اور Chair سے مخاطب ہوں۔

سینیٹر شاہ زیب درانی: جناب چیئرمین! please restore order in the House. یہاں پر کہتے ہیں کہ Constitutional Court کیوں بنی چاہیے۔ جناب چیئرمین! آج کے دن بھی سپریم کورٹ میں پچاس ہزار مقدمات زیر التواء ہیں۔ سال 2022 سے

,2023 پھر 2023 سے 2024 اور پھر 2024 سے 2025، ہر سال دس ہزار نئے مقدمات register ہو رہے ہیں اور دس ہزار مقدمات ہی disposed of ہو رہے ہیں تو جو پچاس ہزار مقدمات زیر التواء ہیں وہ کیسے dispose of ہوں گے، کیا پانچ سالوں کے لیے لوگ انتظار کریں گے اور پانچ سال کی مدت لگے گی ان مقدمات کو disposed of کرنے کے لیے۔ اس پر کوئی discussion نہیں کر رہا۔ ہم صرف قید اور رہائی کی باتیں کر رہے ہیں۔

دوسری بہت اہم بات یہ ہے کہ ہم ہمیشہ first world countries کی مثال دیتے ہیں، یہاں پر ہم ان کی باتیں کرتے ہیں۔ ہمارا جو sound system لگا ہے یہ بھی جرمنی کا ہے، جرمنی میں بھی تو Constitutional Courts ہیں، وہاں پر بھی تو Constitutional Courts ہیں، ان پر تو کوئی اعتراض نہیں کرتا۔ اٹلی میں بھی Constitutional Courts ہیں، وہاں پر بھی کوئی اعتراض نہیں کرتا۔ سپین میں بھی Constitutional Courts ہیں جن کی ہم مثالیں دے رہے ہوتے ، وہاں پر تو کوئی اعتراض نہیں کرتا۔ ان کے اپنے چیئرمین charter of democracy کے signatory تھے۔ آج یہ کہتے ہیں کہ انہیں Constitutional Court پر مسئلہ ہے، کس چیز کا مسئلہ ہے، وہ مسئلہ تو بیان کریں، آپ مسئلہ بیان نہیں کر رہے اور کہتے ہیں کہ پامالی ہو گئی ہے۔

جناب چیئرمین! یہاں پر کچھ باتیں ہوئیں جمہوریت کے حوالے سے ہوئیں۔ یہ کہتے ہیں کہ ہمارا symbol چھین لیا گیا۔ ان سے یہ پوچھیں کہ جب ان کا symbol چھینا گیا وہ کس قانون کے تحت چھینا گیا اور وہ قانون کس نے بنایا تھا۔ فلک ناز صاحبہ آپ کے چیئرمین نے وہ قانون بنایا تھا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ براہ مہربانی cross questions نہ کریں، انہیں سن لیں۔ جب آپ کی باری آئے گی تو آپ ان کی باتوں کا جواب دے دینا۔

سینیٹر شاہ زیب درانی: جناب چیئرمین! 2022 میں انہوں نے جمہوریت کا جنازہ نکال دیا تھا جب انہوں نے اس قانون میں ترمیم کی تھی۔ خود ہی ترمیم کی، خود ہی گڑھا کھودا اور خود ہی اس گڑھے میں یہ گر گئے۔ انہیں کس نے intra party elections کرنے سے کس نے روکا تھا۔ کس نے کہا تھا کہ intra party elections دستور کے مطابق نہ کریں۔ ضرور کرتے۔ یہاں

پر جماعت اسلامی کے پارلیمانی لیڈر بھی بیٹھے ہیں، ان پر کیوں پابندی نہیں لگی۔ ان کے چیئرمین اور صدر کو کیوں نہیں ہٹایا گیا۔

(مداخلت)

سینیٹر شاہ زیب درانی: یہاں پر کسی کا ذاتی معاملہ نہیں ہے پی پی۔ یہ جمہوریت کا معاملہ ہے۔ چیئرمین صاحب، یہ کل ruling بھی آئی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: دیکھیں جب آپ کی باری آئے گی تو آپ جواب دے دیں۔ آپ اس ایوان کا decorum خراب نہ کریں۔

(مداخلت)

سینیٹر شاہ زیب درانی: جناب چیئرمین! please restore order in the House. جناب یہاں پر BNP (Mengal) کی ایک نمائندہ بیٹھی ہوئی ہیں، ان کے President کو تو کسی نے نااہل نہیں کیا۔ یہ اس وقت intra party elections کروا لیتے، کیوں نہیں کروا رہے تھے اور صحیح طرح سے کر لیتے۔ اب یہاں پر بیٹھ کر کہتے ہیں کہ ہمارا symbol چھین لیا گیا تھا۔ اچھا ہم symbol پر بھی آ جاتے ہیں۔ ان کے 41 نے اپنے کاغذات نامزدگی میں independent لکھا تھا، اس وقت انہوں نے PTI کیوں نہیں لکھا۔ یہ PTI لکھ لیتے۔ اس کے بعد here comes the best part جب یہ الیکشن ہو جاتے ہیں تو اس کے بعد انہیں کس نے کہا تھا کہ SIC join کریں۔ PTI کیا اس وقت ختم ہو چکی تھی۔

(مداخلت)

Senator Shahzaib Durrani: Please, restore order in the House.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ انہیں بولنے دیں، پھر آپ کی باری آئے گی تو آپ جواب دے دینا۔

سینیٹر شاہ زیب درانی: جناب میں نے پہلے ہی کہا تھا کہ یہ پڑھی لکھی جماعت ہونے کا صرف دعویٰ کرتے ہیں، ان میں صبر کا مادہ نہیں ہے، اگر یہ پڑھی لکھی جماعت ہیں تو براہ مہربانی خاموشی سے اور عزت سے میری باتیں سنیں۔ جناب 41 بندے وہاں پر اپنے آپ کو independent لکھتے ہیں، اس کے بعد ان کے اپنے چیئرمین، بیرسٹر گوہر صاحب press conference میں کہتے

ہیں کہ یہ ہماری strategic move تھی کہ ہم نے SIC join کی۔ آپ نے کیوں SIC join کی؟ آپ نے اپنی شناخت کھو دی، اب کیا PTI غائب ہو گئی۔ PTI کا symbol گیا تھا، PTI تو ختم نہیں ہوئی تھی، آپ PTI میں شامل ہو جاتے۔ انہوں نے اپنی ہی غلطیوں کا ملبہ دوسروں پر ڈالنا شروع کر دیا ہے۔

جناب چیئرمین! اگر یہ کہتے ہیں کہ ان کا تو صرف symbol ہی چھینا گیا تھا، ہماری تو 2018 کے سینیٹ الیکشن میں شناخت چھینی گئی تھی، آپ خود اس کے گواہ ہیں۔ آپ خود 2018 میں جب آئے تھے، جب میاں نواز شریف کو deposed کر دیا گیا تو نے کہا کہ آپ PML(N) کے رکن ہی نہیں ہو سکتے ہیں، آپ وہاں پر لکھ ہی نہیں سکتے ہیں۔ ہم تو کسی کے پاس شکایت لے کر نہیں گئے۔ ہم تو کبھی نہیں روئے۔ ہم نے الیکشن کمیشن کو جا کر یہ تو نہیں کہا کہ آپ نے ہماری شناخت ہم سے چھین لی ہے۔ ہم الیکشن لڑے، کامیاب ہوئے، ہم اس ایوان کے رکن بن گئے۔ یہ صرف اپنی ظلم اور زیادتی کی داستان بیان کر رہے ہیں، ان کے پاس content کوئی نہیں ہے۔

جناب چیئرمین! یہاں پر جمہوریت کی بات ہوئی۔ ایک رکن نے یہاں بات کہ جمہوریت اپنی آخری سانسیں لے رہی ہے۔ خان صاحب نہیں ہوں گے تو جمہوریت لڑھکتے پھڑکتے ہوئے مر جائے گی۔ یہاں پر ہمارے Information Minister صاحب بیٹھے ہوئے ہیں۔ ہمارے بہت سے senior Members جن میں پرویز رشید بیٹھے ہوئے ہیں یہ تائید کریں گے کہ 2002 میں جب مشرف صاحب کا ریفرنڈم ہوا تھا، مشرف صاحب جو کہ ایک dictator تھے ان کو کس نے ووٹ دیا تھا؟ عمران خان صاحب ان کے polling agent تھے، انہوں نے ایک dictator کو ووٹ دیا تھا۔ مشرف صاحب کا انٹرویو آج بھی موجود ہے، جس میں وہ کہتے ہیں کہ عمران خان میرے پاس آئے اور مجھ سے کہا کہ آپ مجھے 100 Members دے دیں میں Prime Minister بنوں گا، وہ ایک dictator کے سامنے، dictatorship حکومت میں ان کے Prime Minister بننے کو تیار تھے، آج یہ ہمیں democracy سکھائیں گے، آج یہ یہاں پر جمہوریت کے دعویدار بنے ہوئے ہیں، یہ جمہوریت کے علمبردار بنے ہوئے ہیں۔ 2018 میں کیا ہوا تھا، RTS کس نے بٹھایا تھا۔ کل یہاں پر کسی نے بات کی کہ ضیاء الحق صاحب کس کے باپ تھے۔

کس نے اپنے جلسے میں کہا تھا کہ آرمی چیف قوم کا باپ ہے۔ خدا کے لیے آپ ہمیں جمہوریت نہ سکھائیں۔آپ ہمیں نہ بتائیں۔

جناب چیئرمین! آپ خود گواہ ہیں کہ 52 منٹوں میں اسی ایوان سے 52 Bills pass ہوئے تھے، اس وقت جمہوریت کہاں گئی تھی؟ اپنے ساڑھے تین سالہ دور حکومت میں پچاس ordinances انہوں نے دیئے ہیں، یہ ہمیں کہہ رہے ہیں کہ اس ایوان کی پامالی ہو رہی ہے، انہوں نے President House کو ordinance factory بنایا ہوا تھا۔ انہوں نے پچاس سے زیادہ ordinances pass کیے۔ ایک سال میں صرف گیارہ ordinances تھے۔

جناب چیئرمین! پھر یہاں پر سیاسی اسیران کی بات ہوئی۔ یہ کہتے تھے کہ ہم سیاسی اسیر ہیں، ہمیں قید و بند کی سزائیں دی گئی ہیں۔ مجرم سیاسی اسیر نہیں ہوتا جناب چیئرمین۔ Money laundering کرنے والا سیاسی اسیر نہیں ہوتا۔ ملک کے خلاف بغاوت کرنے والے سیاسی اسیر نہیں ہوتے۔Information Minister صاحب یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں،ان سے پوچھیں کہ خواجہ آصف صاحب کو کس مقدمے میں اندر کیا تھا، آج تک کوئی proof کر سکے۔ ہم پیشیوں پر جاتے رہے۔ خواجہ سعد رفیق انہیں کس لیے اندر کیا گیا تھا، کیوں ان پر جھوٹے مقدمات بنائے گئے تھے۔ رانا ثناءاللہ کے لیے standing orders دیے گئے تھے اور Minister for Information اس چیز کی تائید بھی کریں گے کہ ان کے cell میں۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر شاہ زیب درانی: جناب دیکھیں، یہ پھر شروع ہو گئے ہیں، جناب چیئرمین، یہ اپنی عادت سے مجبور ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ Chair کو مخاطب کرتے ہوئے اپنی تقریر کریں۔

سینیٹر شاہ زیب درانی: جناب چیئرمین! رانا ثناءاللہ کے لیے standing order تھا کہ ان کے cell میں فرش پر چینی گرائی جائے تاکہ وہاں پر کیڑے مکوڑے اور چیونٹیاں آئیں تاکہ یہ انہیں اذیت دے سکیں۔ یہ کیسا سیاسی اسیر ہے جسے آٹھ کمرے دیئے گئے ہیں، یہ کیسا سیاسی اسیر ہے، مجھے تو نہیں پتا۔ تارڑ صاحب، مجھے بتائیں کہ یہ کیسا سیاسی اسیر ہے جس کو آٹھ کمرے دیئے جاتے ہیں،

جس کو آٹھ مشقتی دیئے جاتے ہیں۔ کس اسیر کو صبح صبح ناشتے میں دیسی مرغی اور شہد دیا جاتا ہے۔ اسے gym بھی دیا جاتا ہے اور لائبریری بھی دی جاتی ہے۔ کس اسیر کو دیے گئے ہیں۔ مجھے بتائیں۔ مسرور صاحب بھی قید و بند میں رہے ہیں۔ چیئرمین صاحب بھی قید و بند میں رہے ہیں۔ کس کو یہ سہولتیں آج تک دی گئی ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: محسن عزیز صاحب! آپ تشریف رکھیں۔ ابھی وہ تقریر کر رہے ہیں اس کے بعد آپ کو موقع ملے گا۔ فوزیہ ارشد صاحبہ! آپ تشریف رکھیں۔ جب آپ کی باری آئے گی تو آپ بات کرلیں۔ جی، آغا صاحب۔

Senator Shahzaib Durrani: Mr. Chairman, please restore order in the House.

جناب چیئرمین! یہاں پر ایک شخص نے کہا کہ اگر عمران خان صاحب کو رہا نہیں کیا گیا تو یہ ملک برباد ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ KP اور بلوچستان میں حالات بڑے خراب ہیں۔ بالکل وہاں پر خراب ہیں۔ جناب چیئرمین! یہ کس کی وجہ سے خراب ہیں؟ 2018 تک خیبر سے لے کر۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر شاہزیب درانی: جناب چیئرمین! پھر ان کو بولنے دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آغا صاحب! آپ بولیں۔

سینیٹر شاہزیب درانی: جناب چیئرمین! 2018 تک خیبر سے لے کر کراچی تک امن ہو گیا تھا۔ پھر ایسا کیا ہوا؟ کہاں پر Tea fantastic تھا؟ کس نے چار ہزار طالبان اپنے جیل سے نکالے۔ کہاں سے یہ دہشت گردی واپس آئی۔ آج ہماری افواج جو جان کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں۔ ہر دن ہمارے وہ بھائی شہید ہو رہے ہیں۔ آج کیوں یہ بات نہیں کرتے۔ ان کے اپنے ایک ممبر نے تقریر میں بات کی ہے کہ افغانستان زیادہ خان صاحب کو پسند کرتے ہیں۔ اس لیے ایک مرتبہ آپ خان صاحب کو باہر لے آئیں۔ جب خان صاحب آئیں گے تو وہ ان کے ساتھ مذاکرات کرلیں گے تو وہ معاملات طے پا جائیں گے۔ اس لیے تو ہم نے پھر ان کا نام طالبان خان رکھا تھا کیونکہ وہ طالبان کے support میں ہیں۔ انہوں نے ہمیشہ طالبان کو support کیا ہے۔ انہوں نے ان کے چار ہزار بندے release کیے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آغا صاحب! آپ اس Bill کی طرف بھی آجائیں۔

سینیٹر شاہ زیب درانی: جناب چیئرمین! بات سیدھی سی ہے۔ اس Bill میں کوئی پانچ چھ major amendments ہیں۔ انہوں نے صرف ایک پر بات کی ہے۔ جس پر مجھے بڑی خوشی ہے۔ اس کا مطلب ہے باقی چار یا پانچ تو انہوں نے من و عن تسلیم کر لیے ہیں۔ رہ گئی صرف ایک کی بات جس میں Constitutional Court کی بات کر رہے تھے۔ اس میں بھی تو ان کے اپنے ہی تاحیات چیئرمین signatory ہیں۔ اگر وہ اس کے signatory بھی ہیں اور باقیوں پر اس کو کوئی مسئلہ بھی نہیں ہے تو یہ صرف تنقید برائے تنقید کر رہے ہیں جیسا کہ کل "Iqbal Day" تھا۔ Iqbal Day پر ہم یہاں پر ایک resolution جمع کر رہے تھے۔ ایک unanimous Resolution اس ہاؤس کی طرف سے جانا چاہیے تھا۔ تو Resolution pass کرتے وقت ان کے اپنے پارلیمانی لیڈر نے بھی اس پر دستخط کیے ہوئے تھے۔ لیکن چونکہ انہوں نے تنقید کرنی تھی تو ان میں سے ایک ممبر کھڑے ہو گئے اور انہوں نے کہا کہ نہیں، میری amendment ہے وہ بھی اس میں شامل کر لیتے ہیں۔ تو ہر چیز پر تنقید نہیں کرنی چاہیے۔ آپ نے constructive and positive نظر سے بھی دیکھنا چاہیے۔ آپ کو اس Bill پر کہیں بھی کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ آپ کو کسی مسئلے پر issue نہیں ہے۔ جس پر آپ کو issue ہے اس کے آپ خود signatory ہیں۔ اس قوم کو خدا کے لیے بے وقوف نہ بنائیں۔ خدارا! اس قوم کو گمراہ نہ کریں۔ اس قوم کے نوجوانوں کو آپ گمراہ نہ کریں۔ میری ان سے یہ استدعا ہے۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ سینیٹر ضمیر حسین گھمرو صاحب۔ اس کے بعد آپ کی باری ہے۔

**Senator Zamir Hussain Ghumro**

سینیٹر ضمیر حسین گھمرو: شکریہ۔ جناب چیئرمین! میرے خیال میں اس Bill پر کم ہی بات ہوئی ہے۔ اس طرف سے allegations آئے ہیں کہ آئین اور پارلیمنٹ کو تباہ کیا گیا اور یہ 9/11 ہے لیکن ایسی کوئی چیز نہیں ہے۔ اس میں تین major amendments ہیں اور میں اس کی تاریخ میں جاؤں گا کہ اٹھارھویں ترمیم جو کہ پاکستان کی تاریخ کا ایک بڑا amendment ہے۔ اس میں ایک چیز جو charter of democracy میں sign

کی گئی تھی Federal Constitutional Court جو چاروں صوبوں کی برابری کی نمائندگی پر مشتمل ہوگی وہ 18th Amendment provision میں نہیں آ سکا تھا۔ اس کی وجہ سے جمہوریت نہیں چل پائی۔ دو Prime Ministers کو عدالتوں نے remove کر دیا۔ اس کے بعد یہ محسوس کیا گیا کہ فیڈریشن اور جمہوریت کے لیے یہ لازمی ہے کہ جو charter of democracy میں ہم نے Federal Constitutional Court کا provision رکھا تھا کہ اس کو بنایا جائے لیکن 26th Amendment میں ہم یہی چاہ رہے تھے اور یہی provision تھا لیکن اپوزیشن نے کہا کہ نہیں آپ Constitutional Bench بنا دیں۔ Federal Constitutional Court نہ بنائیں۔ تو اس Constitutional Bench کو challenge کیا گیا کیونکہ Judicial Commission of Pakistan Judges nominate کرتا ہے کہ وہ independence of Judiciary کے خلاف ہے۔ تو جب ہم ابھی Federal Constitutional Court قائم کر رہے ہیں جس میں Judicial Commission of Pakistan Judges nominate نہیں کرے گی تو independence of Judiciary کے حق میں ہوگا یا Present setup independent Judiciary کے حق میں ہوگا۔ جناب چیئرمین! 1973 سے 2024 تک پاکستان کی پچاس سالہ تاریخ ہے۔ سپریم کوٹ کی جو original jurisdiction تھی وہ یہ

> "The Court has exclusive original jurisdiction to hear and decide in any dispute that arises between the Federal Government and a provincial Government, or between any two or more provincial governments".

یہ ان کا اصلی کام تھا۔ پچاس سال سے کوئی صوبہ ان کے پاس کوئی ایک کیس بھی لے کر نہیں آیا۔ بلوچستان میں insurgency چل رہی ہے۔ سندھ میں resentment ہے اور KP میں disaffection ہے لیکن کوئی صوبہ پچاس سال سے سپریم کورٹ میں اپنا dispute لے کر نہیں آیا۔ سپریم کورٹ نے اپنی original jurisdiction کو کبھی exercise ہی نہیں

کیا۔ جناب چیئرمین! تو سیاسی پارٹیاں بیٹھ گئی کہ سپریم کورٹ تو اپنا original کام نہیں کر رہی ہے جو enforcement of fundamental rights High Court کاکام ہے وہ انہوں نے takeover کیا ہے۔ اس میں وہ سیاسی حکومتوں کو remove کر رہی ہے اور political domain میں آ گئی ہے۔ Executive میں وہ interference کر رہی ہے۔ پارلیمنٹ کے کام میں interference کر رہی ہے۔ اس وجہ سے اس Constitution کو چلانے کے لیے، 18th Amendment کو چلانے کے لیے اور صوبوں اور وفاقی حکومت کے درمیان جو disputes ہیں ان کو حل کرنے کے لیے اور فیڈریشن کو چلانے کے لیے یہ جو Federal Constitutional Court based on the equality of provinces. یہ پاکستان کے آئین کے لیے اور پاکستان کے فیڈریشن کے لیے fundamental provision ہے جو کہ نہ صرف independence of Judiciary بلکہ فیڈریشن کو بھی مضبوط کرے گا اور پاکستان کو بھی مضبوط کرے گا۔

جناب چیئرمین! آئینی ترمیم میں دوسرا بڑا نکتہ transfer of Judges کا ہے۔ اس سلسلے میں تنقید یہ ہو رہی تھی کہ independence of Judiciary کو ختم کیا جا رہا ہے۔ Transfer of Judges کا provision پہلے ہی آئین کے Article 200 میں موجود ہے لیکن اس میں یہ ہے کہ آپ اس جج کے consent کے بغیر transfer نہیں کر سکتے۔ دوسرے ملکوں میں یہ ہے۔ یہاں تک کہ ہمارے پڑوسی ملک میں بھی یہ ہے کہ last week کو انہوں نے 15 ججوں کو ایک ہائی کورٹ سے دوسرے ہائی کورٹ میں transfer کیے ہیں۔ تو اس میں فیڈریشن اور صوبوں کو یہ تھا کہ اس کو کیسے deal کیا جائے لیکن اس ترمیم میں جج کو transfer کرنے کے لیے اس کی consent تو نہیں ہو گی لیکن اس ہائی کورٹ کا جج اور جس ہائی کورٹ میں وہ جائے گا وہ دونوں Judicial Commission of Pakistan میں بیٹھیں گے اور reasons کے ساتھ وہ کہیں گے کہ اس جج کو دوسرے ہائی کورٹ میں کیوں transfer کیا جا رہا ہے۔ یہ punitive action نہیں ہوگا۔ یہ حالات کے مطابق ہوگا کہ اگر کسی جج کا اس صوبے میں conflict of interests ہے اور وہ اپنی ذمہ داریاں صحیح طور پر ادا نہیں کر رہا ہے تو Judicial Commission of Pakistan جو highest forum

ہے۔ جس میں Judges بھی ہیں اور Parliamentarians بھی ہیں۔ وہ decide کریں گے اور دونوں ہائی کورٹس کے چیف جسٹس بیٹھیں گے کہ اس کو transfer کیا جائے یا نہ کیا جائے اور ان سے reasons بھی پوچھیں گے۔ دوسری jurisdiction میں تو یہ بھی نہیں ہے کہ جج کو اس طرح transfer کیا جاتا ہے۔ کیا یہ provision independence of Judiciary کے خلاف ہے۔ جناب چیئرمین! کہیں بھی دنیا میں Judges اپنے آپ کو appoint and remove نہیں کرتے۔ پاکستان میں removal کا power تھا وہ 1956 کے Constitution میں پارلیمنٹ کے پاس تھا۔ 1962 کے آئین میں Supreme Judicial Commission بنائی گئی۔ اس کو 1973 کے Constitution میں continue کیا گیا۔ یہ پارلیمنٹ سے removal of Judges کا power پوری دنیا میں، انڈیا میں، برطانیہ میں، امریکہ میں، South Africa میں، اسٹریلیا اور کینیڈا میں Judges کی removal کا اختیار ہے وہ پارلیمنٹ کے پاس ہوتا ہے۔ ہمارے ہاں نہیں ہے لیکن یہ کہتے ہیں کہ even appointment کا اختیار بھی ان کو دے دو۔ اس میں بھی چار Parliamentarians جو دو اپوزیشن کے ہیں اور دو Treasury Bench کے ہیں۔ وہ بھی نہ بیٹھیں۔ تو بھائی اگر judiciary نے اپنے آپ کو appoint کرنا ہے، اپنے آپ کو remove کرنا ہے تو .this is a parallel Government کیا یہ کوئی State برداشت کرے گی۔ This is not independence of Judiciary. تو میرے خیال میں یہ provision بھی Constitution کے خلاف نہیں ہے۔ Independence of Judiciary کے خلاف نہیں ہے بلکہ اس کے حق میں ہے۔

تیسرا جو main provision ہے، ہمارا انڈیا سے جو recently تصادم ہوا، جنگ ہوئی، اس میں پاکستان کو کامیابی ملی اور world over پاکستان کے image میں نہ صرف اضافہ ہوا بلکہ ملک کے عوام نے جشن منایا۔ اس کے ہیروز کو decorate کیا گیا۔ جنگ میں ملکی ہیروز کو decorate کیا جاتا ہے۔ ان کو titles دیے گئے۔ آرمڈ فورسز کے تینوں سروسز چیفس کو، ایک کو فیلڈ مارشل، دوسرے کو مارشل آف دی ایئر فورس جبکہ تیسرے کو ایڈمرل آف دی فلیٹ declare کیا جاسکتا ہے۔ چیف آف آرمی اسٹاف کو فیلڈ مارشل بنایا گیا جنہوں نے پاکستان کے

خلاف مسلط کی گئی جنگ جیتی ۔ اس کے ساتھ ان کو immunity دی گئی۔ اس کے ساتھ ساتھ کمانڈر آف آرمڈ فورسز، صدرِ پاکستان کو immunity دی گئی۔ ان کو پہلے بھی immunity حاصل تھی لیکن اس کا tenure بڑھایا گیا۔ اس میں کیا قباحت ہے؟ کیا آپ اپنے ہیروز کو سڑکوں پر اور عدالتوں میں گھسیٹو گے؟ انہیں immunity دینے میں کون سی قباحت ہے؟ کیا یہ provision جمہوریت کے خلاف ہے؟ چیف آف آرمی اسٹاف اور ڈیفنس چیف کا عہدہ علیحدہ ہے۔ This is a separate arrangement. This is a separate office. یہ کہتے ہیں کہ یہ ترمیم ہے، یہ ترمیم کے تین parts ہیں، یہ کہتے ہیں کہ یہ ترمیم آئین کے خلاف ہے۔ انہوں نے چارٹر آف ڈیموکریسی پر sign کیے، ARD میں اچکزئی صاحب نے بھی sign کیے تھے، اس وقت وہ ARD میں شامل تھے۔ ان سب نے sign کیے تھے۔ یہ کہتے ہیں کہ ترمیم جمہوریت اور آئین کے خلاف ہے۔ یہ national heroes کو decorate کرنا، انڈیا کے خلاف 9/11 ہے، پاکستان کے خلاف نہیں ہے۔ آئین کو انہوں نے violate کیا تھا۔ ہم ان کے وزیر اعظم کے خلاف no confidence لائے تھے۔ انہوں نے قومی اسمبلی کو dissolve کر دیا۔ انہوں نے آئین کو violate کیا تھا۔ انہوں نے judiciary کو مسلط کیا اور elected پرائم منسٹر کو remove کروایا تھا۔

جناب! 2012 میں ہمارا پرائم منسٹر elected تھا۔ جس نے انہیں remove کروایا، ہم نے اس کو condemn کیا لیکن پاکستان پیپلز پارٹی نے اپنا principle نہیں چھوڑا۔ جب مسلم لیگ (ن) کے پرائم منسٹر میاں نواز شریف صاحب کو remove کیا گیا تو ہم ان کے ساتھ کھڑے ہو گئے کیونکہ آئین میں عدالت کے پاس ایسی کوئی power نہیں ہے کہ وہ پرائم منسٹر کو ہٹا سکے۔ پرائم منسٹر کو صرف اور صرف عدم اعتماد کے ذریعے ہٹایا جا سکتا ہے، even پارلیمان کے رکن کو آئین کے آرٹیکل (2)63 کے تحت، اسپیکر یا چیئرمین کے ریفرنس پر ہٹایا جا سکتا ہے۔ عدالت نہیں ہٹا سکتی۔ اسپیکر یا چیئرمین، الیکشن کمیشن کو ریفرنس بھیجے گا۔ الیکشن کمیشن 90 دنوں میں decide کرے گا۔ اس کے خلاف کسی عدالت کو right of appeal بھی نہیں ہے۔ لہٰذا، پارلیمنٹ نے اپنے ممبرز کو remove کرنے کا اختیار اپنے پاس رکھا ہے۔ اس وقت وزیر اعظم کو عدلیہ کیسے ہٹا رہی تھی؟ اس میں collusive proceedings میں ایک بندہ application لے کر آتا

ہے جبکہ سپریم کورٹ کے پاس jurisdiction بھی نہیں تھی۔ سپریم کورٹ کی original jurisdiction دو یا دو سے زیادہ صوبوں کی حکومتوں میں dispute adjudicate کرنا ہوتا ہے۔ Fundamental rights کا تحفظ تو ہائی کورٹس کی jurisdiction ہے۔ وہ انہوں نے 184(3) میں take over کر لی۔ پہلے آرٹیکل 184(3) نہیں تھی اور اس کو exercise کرنا ہائی کورٹ کی jurisdiction کے تابع ہے۔

میرے خیال میں پاکستان پیپلز پارٹی نے اس ملک کو آئین دیا اور یہ وفاق پاکستان آئین کے تحت بنا ہوا ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی نے ملک کو 18ویں ترمیم دی اور پاکستان پیپلز پارٹی یہ سمجھتی ہے کہ 27ویں ترمیم، جمہوریت، آئین اور 18ویں ترمیم کو آگے بڑھانے کے لیے سنگِ میل ثابت ہو گی۔ جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر فوزیہ ارشد صاحبہ۔

**Senator Fawzia Arshad**

سینیٹر فوزیہ ارشد: السلام علیکم اور بہت بہت شکریہ۔ سب سے پہلے میں بات کرنا چاہتی ہوں کہ اس ہال میں ہمارے اپوزیشن لیڈر صاحب نہیں ہیں۔ This is denying the legislative rights of the opposition party i.e. PTI. پاکستان تحریک انصاف largest party ہے اور اسے اس کا حق نہیں مل رہا۔ ہمیں پتا ہے کہ اس کی صوابدید ہمارے چیئرمین، سید یوسف رضا گیلانی صاحب کے پاس ہے، ان کی مرضی سے جب بھی وہ چاہیں، یہ ہو سکتا ہے اگر ان پر کسی اور چیز کا، کسی اور طرح کا یا کسی اور کی طرف سے کوئی pressure نہ ہو۔

ہمیں strong economy چاہیے، ہمیں strong judiciary چاہیے اور ہمیں armed forces بھی strong چاہییں۔ جب ہم 27ویں ترمیم کو دیکھتے ہیں، اس میں جو loopholes ہیں، وہ میں اسلامی روح کے تحت پیش کرنا چاہتی ہوں۔ اگر آپ آئین کا Preamble دیکھیں تو اس میں یہ لکھا ہوا ہے:

> "Whereas sovereignty over the entire Universe belongs to Almighty Allah alone and the authority to be exercised by the

people of Pakistan within the limits prescribed by Allah is a sacred trust."

جب ہم اس 27ویں ترمیم پر نظر دوڑاتے ہیں تو ہم اگر قرآن و سنت کی روح سے دیکھیں تو اس میں ہمیں بہت سارے risks اور loopholes نظر آتے ہیں۔ ہم سب نے بات کر لی ہے، دو تین دنوں سے اس پر debate ہو رہی ہے۔ سب نے تذکرہ کیا ہمارے آئین پر 1947 سے 1973 تک کتنا عرصہ لگا۔ پھر 18ویں ترمیم پر بھی کتنا عرصہ لگا مگر یہ جو 26ویں اور 27ویں ترمیم ہے، یہ بہت جلد منظور کروائی جا رہی ہیں۔ ایسا لگ رہا ہے کہ کوئی گاڑی ہے جو miss ہو جائے گی۔ اس کی رفتار بہت زیادہ تیز کر دی گئی ہے۔ بطور باعزت اور honourable اراکین پارلیمان جو ہم سب یہاں بیٹھے ہیں، اس میں کسی سے کوئی مشاورت نہیں ہوئی۔ ہاں، اب مشاورت ہو رہی ہے جب آپ نے اس کا مسودہ تحریر کر لیا ہے۔ ہم اراکینِ پارلیمان کو ہمارا right نہیں دیا جا رہا in the sense کہ ہم اس ہال میں اس پر کھل کر debate کریں اور پھر اس کے بعد یہ ہماری تمام تجاویز یا ہمارے جتنے بھی تحفظات ہیں، ان کو بعد میں لے کر جانا چاہیے تھا، یہ جو مشترکہ کمیٹی بنی ہے آئینی ترمیم کو دیکھنے کے لیے۔ ہم سب تو اس کمیٹی میں نہیں جا سکتے مگر جو لیڈرز ہیں، normally وہی جاتے ہیں تو وہ ہمیں تو represent نہیں کر رہے۔ ہمارا جو بھی direct تبصرہ ہے، اس کو record ہونا چاہیے۔

میں زیادہ لمبی بات کرنا چاہتی ہوں لیکن میں سمجھتی ہوں کہ اسے کرنے سے کوئی فائدہ تو ہے نہیں کیونکہ ہمارا جو طرز پارلیمان چل رہا ہے، وہ ایک bogus majority پر مشتمل ہے۔ ان کا mandate بھی جھوٹا ہے اور حکومت تو فارم 47 کی حقیقتاً جعلی ہے۔ سب سے زیادہ جو میں یہاں پر request کرتی ہوں کہ یہ جو 27ویں ترمیم ہے، یہ صرف اور صرف personalized ہے۔ اس میں اداروں کو پامال کیا جا رہا ہے۔ ان کے rights چھینے جا رہے ہیں۔ Kindly, just bear with me. میں نے جو analysis قرآن اور سنت کے تحت کیا ہے، وہ میں چاہتی ہوں کہ آپ سے share کروں۔

First of all, I would draw your attention to the Provincial revenue and federalism, Article 160, NFC Award. In that, the amendment weakens or removes the

constitutional guarantee for provincial shares of federal revenue. The Quran emphasizes justice and distribution of wealth and fairness to all communities. Leaders are trustees and must not hold or favour one region over another.

A ruler who manipulate resources unjustly commits a breach of trust جو اللہ کی طرف سے ان کے پاس امانت ہے If I go to the second point, that is judicial restructure and transfer of judges, articles 191A and 200.The amendment says it establishes a new constitutional court and allows transfer of judges without consent.Please mark this without consent. Justice is sacred, and no one, including rulers or officials, is above the law.In Surah An-Nisa, Ayat No. 135:O you who have believed, stand firmly for justice, even if it is against yourself or your parents and relatives."Rasulullah (S.A.W.) said that even his daughter, Bibi Fatima (R.A), has to face legal consequences she will be presented in the court. Then the third point is centralization of key subjects, education...

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: یہ اگر آپ reading کے بغیر بتادیں۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: نہیں یہ laws ہیں جو میں پڑھ رہی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: چلیں کریں، چلیں کر لیں۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: اتنی چھوٹی چھوٹی بات پر بھی آپ کی نکتہ چینی لازمی ہو جاتی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: فوزیہ ارشد صاحبہ، آپ کر لیں۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: اگر میں قرآن اور سنت کو پڑھنا چاہ رہی ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: فوزیہ ارشد صاحبہ، آپ کر لیں۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: اگر بغیر پڑھے قرآن و سنت کو پڑھوں گی میں تو الفاظ اِدھر ادھر کر دوں گی۔اس amendment میں اٹھارھویں ترمیم کو reverse کیا جارہا ہے۔

Governors must consider local needs and welfare. Quran emphasizes consultation that is Shura and participation in governance

سورہ عشرہ: آیت نمبر 38 ہے۔

“And those who have responded to their master and established prayer and who conduct their affairs by consultation among themselves”

Provinces جو ہیں وہ اپنا control lose کرتے ہیں، اور جس میں obviously جو local population ہے

it's going to be ignored if it is going to go back to the federal. Then military and security command, Article 243 confers broad federal control over the armed forces. Authority must not be concentrated without accountability, otherwise it's unjust.

Surah al-Araf 7:56 say: “do not let corruption spread in the land after it has been set right.”

پھر ہمارا ECP ، judge’s اور minister’s کے اوپر جو ہے

its grants executive more discussions in appointments. Appointments must be based on merit, justice, and public Welfare not favoritism. Leaders and officials they are appointing for loyalty rather than justice. Justice violated by public executive control could lead politically biased appointments, undermining fairness

آپ اپنی favorite کو بھیج دیں چاہے وہ کتنا ہی ناکارہ ہو، merit پر نہ ہو۔ یہ ساری چیزیں ہیں۔

And in the end I am just going to summarize this and say this, no one is above the law, rulers, Judges and Officials. Justice and equity are mandatory in governance and resources distribution consultation that is Shura is

essential, for legitimacy and fairness, public accountability is a religious duty, abuse of power is sinful.

یہ ساری چیزیں میں نے قرآن کی روشنی میں تھوڑی سی کوشش کی ہے کہ میں اس کو elaborate کروں۔ حالانکہ مجھے یہ اچھی طرح پتا ہے کہ جو draft بنا تھا وہ پاس آپ لوگوں نے جس طرح سے بھی کر دیا، چاہے ہاتھ مروڑ کے کیا ہے، چاہے کسی انداز سے کیا ہے، کر لیا ہے۔ مگر یہ ساری چیزیں اگر پہلے سے آپ لوگ کرتے تو اس میں بہت بہتری آ سکتی تھی dialogue سے، we get ideas and then we can compile it سے discussion and get a consolidated version of this amendment ایک روح اچھی ہوتی اس amendment کی تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہوتا۔ اب آپ مجھے بتائیں کہ جو کربلا کا واقعہ ہے۔ کیا ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ امام حسین غلط تھے؟ نہیں نا؟ تو جب ہمیں پتا ہے کہ کوئی چیز غلط ہے، ہم اس کا حصہ کیوں بنیں؟ عمران خان زندہ باد! پاکستان ہمیشہ پائندہ باد!

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ جناب سینیٹر پونجو صاحب۔

**Senator Poonjo Bheel**

سینیٹر پونجو بھیل: جناب چیئرمین صاحب! آپ کی بڑی مہربانی آپ نے مجھے اس اہم issue پہ بولنے کا موقع فراہم کیا۔ میں جناب! اس ترمیم کے حوالے سے بات کرنے سے پہلے کیونکہ یہاں politically پس منظر میں کچھ چیزیں ہمارے دوستوں نے ذکر کی ہیں تو میں اس کو لازم سمجھتا ہوں کہ اس floor پر میں اسے discuss کروں۔ جنابِ چیئرمین صاحب! یہاں بہت سارے عرصے میں بہت حکمران آئے، وہ amendments بھی لے کر آئے۔ ہمارے پاس آٹھویں ترمیم بھی آئی، پندرھویں ترمیم بھی آئی، اور اس کے بعد پاکستان میں ایک بڑی ترمیم جس کے لیے پاکستان کے اصل آئین جو شہید ذوالفقار علی بھٹو صاحب نے دیا تھا۔ اس کی اصل شکل اٹھارویں ترمیم میں بحال ہوئی۔ اور ہم، میرا جو تعلق ہے جس party سے، اس party کے بڑوں نے پاکستان کے لیے بڑی قربانیاں دی ہیں۔ شہید عوام ذوالفقار علی بھٹو صاحب جو اس پاکستان کے آئین کے خالق تھے، انہوں نے پاکستان کو مضبوط کرنے کے لیے جو انہوں نے جدوجہد کی اور جو قربانی دی، وہ پاکستان میں کسی سے چھپی ہوئی نہیں ہے۔ شہید عوام ذوالفقار علی بھٹو صاحب نے جس زمانے میں پاکستان کے معاشی حالات صحیح نہیں تھے اور لوگ پاکستان کے تازہ بننے کے بعد یہ سوچ رہے تھے

کہ کہیں یہ کمزور بھی بن سکتا ہے،اس کو مضبوط کرنے کے لیے شہید عوام ذوالفقار علی بھٹو صاحب نے پاکستان کو nuclear power بنایا،اور پاکستان کی معیشت کو improve کیا۔اور آپ کے پاس یہ Steel Mills, Faisalabad University، تمام اعلیٰ ادارے شہید عوام ذوالفقار علی بھٹو صاحب نے بنائے۔جناب !اس کے ساتھ میں یہ اسی لیے کہہ رہا ہوں کہ کافی political parties کے دوستوں نے تذکرہ کیا ہے اور کہا ہے کہ ہمارے ساتھ زیادتیاں ہوئی ہیں، ہمارے رہنما جیلوں میں پڑے ہوئے ہیں۔میں انہیں بتانا چاہتا ہوں کہ شہید عوام ذوالفقار علی بھٹو جس نے اتنی بڑی قربانیاں دی ہو اور وہ پاکستان کا elected prime minister تھا۔وہ ساڑھے چھ فٹ کے ایک کمرے میں بند تھا۔اور کیا demand تھی اس کی ننھی بچی جو اس زمانے میں minor تھی وہ اپنے باپ سے ملاقات کے لیے جیل جاتی تھی لیکن ملاقات کرنے نہیں دی جاتی تھی۔Compromise کرنے کے لیے بہت سارے تسلسل کیے گئے، ذوالفقار علی بھٹو کو خاموش کرنے کے لیے بہت ساری لالچیں دی گئیں۔لیکن اس مردِ مجاہد نے پاکستان کا جھنڈا بلند رکھنے کے لئے کوئی compromise نہیں کیا۔قربانیاں تو ہماری ہیں ابھی اس طرف سے وہ دوست چلے گئے، مولوی صاحبان جا رہے ہیں، جنہیں مجھے جواب بھی دینا ہے جو انہوں نے کل بات کی تھی۔لیکن Pakistan Peoples Party تو زرخیز ہے پاکستان کو مضبوط کرنے میں بڑی قربانیاں ہمارے قائدین کی شامل ہیں۔شہید محترمہ بے نظیر بھٹو جب وہ کم عمر تھیں،اپنے باپ کی ملاقاتوں کے لیے ان سلاخوں کے پیچھے اپنے باپ کو دیکھتی تھی لیکن باپ کا کہنا یہ تھا کہ بیٹا آج میں ہوں، کل نہیں ہوں گا لیکن پاکستان کے جھنڈے کو تھام کے رکھنا ہے اور پاکستان کے لئے جدوجہد کرتے رہنا اور آپ نے دیکھا کہ اتنے بڑے سارے نقصان ہونے کے بعد شہید عوام ذوالفقار علی بھٹو کو 45 سال کے بعد ہمارے انہی ججوں نے، جن ججوں کی کچھ دوست بات کر رہے ہیں، 45 سال کے بعد کہا کہ ذوالفقار علی بھٹو بے قصور تھا ہم نے غیر قانونی سزا دی تھی۔یہ ایک نسل گزر گئی ایک وہ شخص جس نے پاکستان کو بنایا، اس کو آپ نے ماورائے عدالت murder کر دیا۔اور جب اس کی میت وہاں گاؤں میں بھیجی گئی تو تقریباً 70 کے قریب لوگ جنازے میں شریک تھے، باقی لوگوں کو جنازے میں شرکت نہیں کرنے دی گئی۔آپ دیکھیں کہ ہم نے کتنا بھگتا ہے،تاریخ کو دیکھیں ہماری پارٹی نے کتنی قربانیاں دی ہیں۔ہماری پارٹی نے کتنی قربانیاں دی ہیں۔آج یہ سیاسی بنیاد پر جو بھی یہ ترامیم آئی ہیں، میں اس کو

اس لیےsupport کرتا ہوں کہ دیکھیں بہت ساری غلطیاں ہوئی ہیں، بہت سارے سیاسی لوگوں سے غلطیاں ہوئی ہیں۔ عمران خان صاحب آج جن سلاخوں کے پیچھے ہیں، انہوں نے جان بوجھ کر پاکستان کے ایسے حالات کیے کہ اگر وہ اب تک رہتے تو شاید ہماری کیا پوزیشن ہوتی،اس کا اندازہ بھی نہیں۔ جب انہوں نے طالبان سے معاہدہ کیا، انہوں نے تمام وہ ممالک جو ہمارے خلاف ہیں، ان کو کہتے ہیں کہ آپ آئیں اور پاکستان پر بیٹھ کر یہ حملہ کریں۔ تو وہ کیسے ملک کے ساتھ وفادار ہو سکتے ہیں۔ یہ پاکستان پیپلز پارٹی کا وتیرہ رہا ہے کہ پاکستان کے ساتھ commitment کے ساتھ اس نے جدوجہد کی ہے۔ شہید محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ، جس نے اپنے باپ کے اُس نشان کو، اس منشور کو آگے بڑھاتے ہوئے مسلسل جدوجہد کی اور ان میں بھی یہ لالچ نہیں تھی کہ وہ وزیراعظم بننا چاہتی تھی لیکن اپنے والد صاحب کی legacy کو آگے بڑھائی جنہیں بے قصور پھانسی کے پھندے پر چڑھایا گیا۔ اس راہ حق پر انہوں نے چلنا تھا اس لیے انہوں نے اپنے باپ کے اس منشور کو لے کر جدوجہد کی۔ آج وہ شہید محترمہ بے نظیر بھٹو بھی اسی انداز میں اسی جدوجہد پر شہید ہو گئیں لیکن انہوں نے بھی یہ compromise نہیں کیا۔ اس کے بعد آپ دیکھیں مرد مجاہد آصف علی زرداری صاحب کو کہ جب شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کو شہید کیا گیا، اس دن انہوں نے یہ طے کر دیا تھا کہ پاکستان نہ کھپے کیونکہ انہوں نے اسی لیے مارا تھا شہید رانی کو کہ لازمی پاکستان ٹوٹ جائے گا لیکن پاکستان کا نعرہ لگانے والا وہ مرد مجاہد آصف علی زرداری صاحب نے کہا کہ پاکستان کھپے۔ انہوں نے نہیں کہا کہ آپ جائیں اور پاکستان کی املاک کو نقصان پہنچائیں، ہماری تنصیبات کو نقصان پہنچائیں۔ انہوں نےprotect کیا اور کہا کہ پاکستان کا یہ جو ہمیں نقصان ہوا ہے، اس کا ہم جمہوری تسلسل سے بدلہ لیں گے اور انہوں نے کر کے دکھایا۔

جناب! پاکستان کو تمام سیاسی بحرانوں سے اگر کوئی نکال سکتا ہے تو وہ واحد بلاول بھٹو کی شکل میں ہم پاکستان کو مضبوط کر سکتے ہیں کیونکہ اس کے پیچھے ایک legacy ہے، اس کے پیچھے ایک جدوجہد ہے، اس کے پیچھے لاتعداد شہداء کی قربانیاں ہیں۔ آج آپ جا کر دیکھیں کہ گڑھی خدا بخش میں ایک سفید گنبد ہے جس کے اندر بہت سارے شہداء کی قبریں موجود ہیں، وہ شہید اپنے مفادات کے لیے نہیں ہوئے تھے۔ انہوں نے پاکستان کے لیے قربانیاں دی تھیں، انہوں نے تو کوڑے کھائے تھے، وہ نظریاتی تھے، وہ تو پاکستان کے بنانے والے لوگ تھے۔ ہم نے یہ نہیں کہا تھا۔ ان کی حکومت چلی گئی

تو انہوں نے کہا کہ پاکستان نہ کھپے۔ انہوں نے پاکستان کی اہم تنصیبات پر حملے کیے۔ لیکن ہماری دو بار حکومت ختم ہوئی لیکن ہم نے کہا کہ پاکستان کھپے اور ہم پاکستان کی مضبوطی کے لیے کھڑے رہے۔ شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کا یہ وتیرہ تھا۔ پاکستان پیپلز پارٹی pluralist party ہے۔ ہماری minority کےایک دوست نے بات کی تھی تو میں اس کو اہم سمجھتا ہوں۔ پیپلز پارٹی نےminority rights کے حوالے سےہمیں بہت سارے حقوق دیئے ہیں۔ آج ہماری minority کےایک ایم پی اے صاحب نے کہا کہ ہمارے پاس تمام جگہوں میں اقلیت کے وزراء نہیں ہیں۔ میں انہیں بتانا چاہتا ہوں کہ جب بھی پیپلز پارٹی کی وفاق میں حکومت بنی ہے تب بھی ہمارے کھٹومل کے روپ میں، مہیش ملانی کے روپ میں اور ہمارے شہباز بھٹی کے روپ میں وفاقی وزراء رہے ہیں۔ ابھی بھی سندھ میں آپ جا کر دیکھیں کہ سندھ میں ہمارے دو وزیر، ایک مشیر اور ایک Special Assistant minority سے ہیں۔ ہمارے پاس یہ تفریق نہیں ہے۔ ہم ان کو اپنے بھائی سمجھتے ہیں اور برابری کی بنیاد کو بھی ہم آگے لے کر آتے ہیں۔

جناب! میں عدلیہ کے حوالے سے بات کرنا چاہتا ہوں۔ وہ judiciary جس کے کچھ لوگوں نےjudiciary کوبدنام کیا اور آج ہم اس نہج پہنچے ہیں کہ ہمیں ان ساری چیزوں کوbalance کرنے کے لیےsuperior Parliament ہونا چاہیے۔ پارلیمنٹ کے پاس اختیار ہونا چاہیے،وہ کرنے کے لیے آج ہم کھڑے ہیں کہ طاقت ہو تو پارلیمنٹ کے پاس ہو لیکن میں ایک بات ضرور کہوں گاپرانیpractice کو دیکھتے ہوئے، ہمیں سوچنا ہوگا۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سیکرٹری صاحب! آپ منسٹر صاحبان کو بلالیں۔

سینیٹر پونجو بھیل: جناب! کچھ افراد نے ہماری عدلیہ کو اس طریقے سے بدنام کیا اس پر ہمارا اعتماد ختم ہو گیا۔ ابھی میں چند سفارشات پیش کرتا ہوں۔ پاکستان میں جو اقلیتی برادری کے لوگ بستے ہیں،ان میں زیادہ تعداد شیڈول کاسٹ دلت لوگ رہتے ہیں۔ قائداعظم محمد علی جناح نے 11 اگست 1947 کو تقریر کی تھی کہ ہم برابری کی بنیاد پر حقوق دیں گے۔ اس وقت ہمارے بڑے ان کے ساتھ کھڑے رہے اور انہوں نے 1947 کی وراثت میں ان کا ساتھ دیا۔ بہت سارے لوگوں نےmigration کی لیکن ہمارے بڑوں نے یہاں پاکستان کو ترجیح دی۔

جناب! میں گزارش کرتا ہوں کہ کچھ چیزوں میں ابھی جو ناانصافیاں ہو رہی ہیں، اس کو ابھی دیکھنا ہوگا۔ ایک دراوڑ فیملی، ایک دلت فیملی جس کا بندہ منو بھیل کئی عرصے سے پریس کلبوں پر بھوک ہڑتال پر بیٹھا رہا جس کے نو بچے ایک feudal نے اغواء کیے ہیں۔ ہمارے فیلڈ مارشل سے میں آج مطالبہ کرتا ہوں کہ وہ دلت کی فیملی کا پتا تو لگائیں۔ اتنی طاقتور ہمارے ادارے ہیں، پتا چلے کہ اس کے بچے کہاں ہیں۔ ان کی قبریں تو ہمیں دکھادیں تو کم از کم ہم وہاں جا کر اندازہ لگائیں کہ وہ فوت ہو چکے ہیں۔ اتنے بڑے وسائل ہونے کے باوجود، پاکستان کی بڑی law enforcement agencies ہونے کے باوجود وہ شخص آج بھی اپنے بچوں کے لیے انتظار میں ہے کہ میرے بچے کب لوٹیں گے، کب ان کے ساتھ میں دیوالی مناؤں گا کب میں ہولی مناؤں گا، کب میں کلچر ڈے مناؤں گا۔ وہ آج اپنے بچوں کے لیے اکسا ہے۔ جناب! میں آپ کے توسط سے ریاست سے گزارش کرتا ہوں کہ براہ مہربانی ہمیں یہ دلت بچے جو اغواء کیے گئے ہیں، ہمارا پڑوسی ملک تو دلتوں کے ساتھ زیادتی کرتا ہے۔ وہاں تو caste discrimination ہے، وہاں تو Barhamnism ہے، وہاں تو لوگوں کے ساتھ نفرت کی جارہی ہے لیکن یہاں کے دلت پاکستان کے ساتھ اس لیے شامل ہو کر آج تک رہ رہے ہیں کہ یہاں discrimination نہیں ہوگی۔ میری گزارش ہوگی کہ اس کے بچوں کو recover کیا جائے۔

اس کے ساتھ ساتھ میں آج ایک اہم بات یہ بھی کرنا چاہتا ہوں کہ اگر ہم نے ہماری نیت کے ساتھ یہ ترامیم کی ہیں تو یہ بہتر رہیں گی۔ اگر ہماری نیت میں خدوخال ہوگا تو ہمیں بھی سوچنا پڑے گا، کون زندہ ہوگا، کون نہیں ہوگا، وقت بتائے گا لیکن میں propose کرتا ہوں اور میں ان تمام دی ہوئی چیزوں پر جو discuss کی گئی ہیں، میں ایک بار پھر آپ کا نہایت ہی شکر گزار ہوں کہ آپ نے مجھے بولنے کا موقع فراہم کیا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بڑی مہربانی۔ سینیٹر عامر ولی الدین چشتی صاحب۔

**Senator Amir Waliuddin Chishti**

سینیٹر عامر ولی الدین چشتی: شکریہ، جناب چیئرمین! بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ بہت شکریہ چیئرمین صاحب کہ آپ نے مجھے بولنے کا موقع دیا۔ ''غضب کیا جو تیرے وعدے پہ اعتبار کیا'' جناب! آئینی ترمیم پر تو تمام حضرات نے کافی گفتگو کر لی ہے۔ وہ آخر میں سناؤں گا، لیکن کسی نے بھی پاکستان

میں بنیادی جمہوریت پر بات نہیں کی۔ سب سمجھتے ہیں کہ شاید بنیادی جمہوریت ہمارے وفاق اور صوبوں میں ہے۔اس سے نیچے جائے گی تومزدور کا بچہ اوپر آ جائے گا،Engineer کا بچہ اوپر آ جائے گا، ڈاکٹر کا بچہ اوپر آ جائے گااور کسان کا بچہ اوپر آ جائے گا۔ ہمارے بچوں کے لیے شاید جگہ ہی نہیں رہے گی۔ ہمارے بل کا (a) 140 جو بنیادی جمہوریت کی بات کرتا ہے،وہ کہتا ہے کہ انتظامی، سیاسی و مالی اختیارات نچلی سطح پر دیں۔ ہمارا آئین three tiers of Government کی بات کرتا ہے: وفاقی، صوبائی اور لوکل گورنمنٹ کی۔آپ Federal پر بھی خوش ہو جاتے ہیں،آپ Provincial پر بھی خوش ہو جاتے ہیں لیکن جب بات آتی ہےلوکل گورنمنٹ کی اور میں لوکل گورنمنٹ، کراچی کی بات نہیں کر رہاہوں، یہ میں اپنے لاڑکانہ کے لیے بات کر رہا ہوں۔ یہ میں اپنے نوشہرو فیروز کے لیے بات کر رہا ہوں۔ یہ میں پشاور کے لوگوں کے لیے بات کر رہا ہوں۔ یہ میں پنڈ دادن خان کے لوگوں کے لیے بات کر رہا ہوں لیکن یہاں پر بہت سی پارٹیاں ہیں جو جمہوریت کی دعویدار ہیں، جمہوریت کی champion بنتی ہیں، وہ سب سے بڑی مخالف ہیں کہ بنیادی طور پر جمہوریت نہ ہو۔ جناب! جب یہ بل کابینہ میں پیش ہوا۔ جس دن یہ amendment Cabinet میں پیش ہوئی، تو سب سے پہلے ہم نے خراج تحسین پیش کیا پوری Federal Cabinet کو جو سامنے بیٹھی ہوئی ہے کہ اس نے کہا کہ ہم اس کو ستائیسویں ترمیم میں merge کروا دیں گے کہ Article 140 (A) ایک بنیادی جمہوریت کا تقاضا ہے وہ پوری ہونی چاہیے۔ وزیراعظم صاحب نے online خطاب میں کہا کہ یہ بہترین amendment ہے ہم نے پہلے ان سے وعدہ کیا تھا وہ پوری ہونی چاہیے۔ اس لیے میں نے پہلے شعر کہا تھا کہ "غضب کیا ترے وعدے پہ اعتبار کیا" دو دن بعد اب مجھے سننے میں آ رہا ہے کہ جی اس پر تذکرہ تو بہت ہوا ہے اب پھر دوبارہ وعدہ ہے کہ وہ شاید اٹھائیسویں ترمیم میں ہونے دیا جائے گا۔ یہ تو بنیاد ہے پاکستان کی بھائی، آپ کیوں چاہتے کہ مجھ جیسے رئیس، ایک وڈیرے کا بیٹا، میرے جیسا سرمایہ دار، ایک صنعت کار اس ایوان میں آ کر بیٹھے، ایک غریب کا حق نہیں ہے۔ جناب اعلیٰ! پچیس کروڑ عوام یہاں رہتے ہیں اور یہ بات میں اس لیے بولتا ہوں کہ لوگ مجھے دیکھتے ہیں کہ شاید میں کراچی کی بات کرتا ہوں، میرے آباؤاجداد نے یہ ملک پاکستان کراچی کے لیے نہیں بنایا تھا۔ میرے والد کی اپنی اس میں بڑی قربانی ہے وہ مسلم لیگ پاک و ہند میں تھے وہ قائداعظم کی مسلم لیگ میں تھے اور جب 14 اگست آتی تھی تو وہ

روتے تھے۔ تو بھائی میں اس خون سے تعلق رکھتا ہوں جس نے پاکستان بنایا تھا اس نے سندھ نہیں بنایا تھا، اس نے کراچی نہیں بنایا تھا اس نے پنجاب نہیں بنایا تھا، اس نے پاکستان بنایا تھا اور یہ ریاست بنائی تھی۔ ریاست کا یہ فرض ہے کہ وہ آگے بڑھے اور بنیادی حقوق کا تحفظ کرے، ہم بھی اس ملک کی تحفظ کے لیے بیٹھے ہیں۔

مجھے بڑا افسوس ہوا کہ جب جمہوریت کے champion جو یہاں پر بھی بیٹھے ہوئے ہیں ، بڑی جمہوریت کی بات کرتے ہیں لیکن متعصب ہیں، وہ چاہتے ہیں کہ صرف جمہوریت صوبے کے اندر رہے، وہ چاہتے ہیں کہ صرف Federal میں رہے، وہ نیچے آئے ہی نہیں۔ میری خواہش یہ ہے اور یہ ریاست کی بقا ہے کہ آج جو ہم گفتگو کر رہے ہیں اس کو نوشتہ دیوار پڑھ لیں کہ آئندہ آنے والے حالات آپ کے قابو میں نہیں رہیں گے، ویسے بھی کافی چیزیں بے قابو ہوتی جا رہی ہیں۔ اس کے اوپر بھی MQM Pakistan, Supreme Court میں گئی اور Supreme Court میں اس نے کہا کہ جی اس کا فیصلہ کر لیجئے، لوکل گورنمنٹ کو کم از کم آئینی تحفظ دے دیجئے، Supreme Court نے بھی order کر دیا اور اس پر بھی لوگوں کی کان پر جوں نہیں رینگی۔ اس بات میں، میں پنجاب گورنمنٹ کو اور مریم نواز صاحبہ کو اور اسپیکر پنجاب اسمبلی کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ ہم کہتے ہیں کہ شاید ان کا جمہوریت سے اتنا تعلق نہیں ہے لیکن انہوں نے جمہوریت کی روایت رکھی اور انہوں نے کہا کہ Federal کو recommendation بھیجی ہے کہ آپ بلدیاتی اداروں کو آئینی تحفظ دیں۔ لیکن جو جمہوریت کے champion بنتے ہیں وہ اس Bill کی مخالفت کرتے ہیں، وہ بنیادی جمہوریت کی مخالفت کرتے ہیں، آپ سمجھ رہے ہیں کہ اس ملک کو کس طرح چلایا جا رہا ہے۔

میرے آباؤاجداد کی قربانیوں کا جو صلہ ہے وہ اس ملک کو نہیں مل رہا ہے۔ آج میری PTI کے دوستوں سے بات ہوئی ہے وہ سب حمایت کرتے ہیں، ن لیگ والے سب حمایت کرتے ہیں بلدیاتی ادارے ہونے چاہییں، میری Peoples Party کے لوگوں سے بات ہوتی ہے انہوں نے کہا بنیادی طور پر ہونا چاہیے۔ لیکن in the end result وہی آتا ہے، آپ چیختے رہیں، چلاتے رہیں آج ہمارے تین ووٹوں کی بڑی اہمیت ہے، اگر ایک بندہ ادھر سے ادھر ہو جائے یا ادھر سے ادھر ہو جائے تو یہ ساری amendment دھڑام ہو جائے گی۔ لیکن ہم جمہوریت کے لیے،

ہم ریاست کے ساتھ کھڑے ہیں اور آج ہمارے تینوں ووٹر بھی یہاں موجود ہیں، کسی کو فون کرنے کی ضرورت نہیں ہوئی، ہم بغیر فون کے یہاں موجود ہیں۔ چونکہ ہم ریاست کے وفادار ہیں، ہم اس ملک کے وفادار ہیں، اس ملک کی بنیادوں میں ہمارا خون ہے۔ تو میں دست بستہ اپنے تمام Peoples Party کے اراکین سے، ن لیگ کے اراکین سے، PTI کے اراکین سے، BAP کے اراکین سے، BAP کو دو دفعہ کہ بھائی آپ کی support ہو گی تو یہ جمہوریت کے جو معاملات ہیں ٹھیک ہو جائیں گے۔

ضروری نہیں ہے جو ہم نے آپ کو demand دیں ہیں وہ پوری کریں، لیکن کم از کم اس کو آئینی حیثیت تو دے دیں، کم از کم اس کا election تو ہو جائے اور یہ نہ ہو کہ پنجاب کا جو CM ہے یا پشاور کا CM ہے وہ بولے کہ یہ ختم تو ختم نہیں، اس کو آئینی تحفظ دیں کہ ہر مرتبہ جس طرح ہم Provisional elections کے لیے بڑے تڑپتے ہیں اور Federal elections کے لیے بہت تڑپتے ہیں تو اس طرح بلدیاتی اداروں کے elections بھی وقت پر ہونے چاہیے۔ وہ ایک صاحب نے کہا تھا کہ جی buy one get three free تو پنجاب میں جو بنالیتا ہے وہ پورے ملک میں بنالیتا ہے۔ اب تو پنجاب نے بھی support کر دی اس Bill کی، تو میں امید کرتا ہوں اور زیادہ وقت بھی آپ کا نہیں لوں گا، میرا کم بولنا ہی زیادہ سمجھیں اور امید ہے کہ میرے جمہوریت کے champions اور ریاست کم از کم بنیادی جمہوری حقوق کی پاسداری کرے گی اور آخر میں شعر کہہ دیتا ہوں کیونکہ ہر مرتبہ مجھے منا دیا جاتا ہے، ہمارا قتل بھی ہو جاتا ہے اور بڑے معصومیت سے کہتے ہیں

دامن پہ کوئی چھینٹ نہ خنجر پہ کوئی داغ<br>
تم قتل کرو ہو کہ کرامات کرو ہو

بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر قراۃ العین مری صاحبہ بہت شکریہ۔

**Senator Quratulain Marri**

سینیٹر قراۃ العین مری: بہت شکریہ آپ کا، شعر و شاعری تو ہمیں آتی نہیں MQM کے دوستوں کا بڑا وتیرہ ہے۔ مگر ہم سندھ والوں سے اور خاص طور پر کراچی میں پیدا ہوئے لوگوں سے

اگر یہ بات نہ ہی کی جائے تو اچھا ہے، بات نکلے گی تو پھر دور تلک جائے گی کہ کون جمہوریت کا پاسدار ہے، کون ہتھیاروں کا پاسدار ہے، کون violence کا پاسدار ہے، کس نے خون بہایا، کس نے خون نہیں بہایا، کون آج تک خون بہا رہا ہے۔ تو ان باتوں کو ہم چھوڑ دیں تو بہتر ہے۔ جہاں تک local government کی بات ہے تو سندھ وہ واحد صوبہ ہے جس نے time پر local government elections کروائے، جس نے local representatives کو طاقت منتقل کی۔ مطلب اچھی بات ہے کہ پنجاب نے Federal Government کو تجویز دے دی ہے، پنجاب اگر local government elections بھی کروالیتا تو اچھی بات تھی۔

مجھے سمجھ نہیں آتی کہ باتیں کرنے میں یہ سارے لوگ اتنے آگے ہوتے ہیں۔ PTI کو دیکھیں، عمران خان صاحب کہتے ہیں کہ جی مجھے power سے ہٹانے سے اچھا تھا کہ اس ملک پر bomb گرادو۔ آج وہی PTI والے کہتے ہیں کہ پاکستان کے خلاف آئینی ترمیم آ رہی ہے، پڑھی ہے نہیں، ان کی فاضل ممبر کہہ رہی ہیں why are you talking about the NFC in Constitutional amendment? We are not پاکستان پیپلز پارٹی کی بنیادی شق ہی یہ تھی کہ we will not discuss the NFC, we will not discuss the 18th amendment and we are glad that the Government took heed of this اگر local Government بھی آتی ہے تو ہم اس پر بھی بات کرلیتے ہیں۔ مگر حقیقت تو یہ کہ government کی ستائیسویں ترمیم میں local government system تھا ہی نہیں، تو ہم بات کس پر کرتے؟

مجھے پتا نہیں تھا، مجھے اندازہ نہیں تھا، کل ہمارے فاضل ممبر محسن عزیز صاحب، انہوں نے چیئرمین صاحب کو بولا کہ جی recently ہم آپ کے ساتھ Barbados گئے تھے، تو Barbados میں ہمیں پتا چلا ان کے پارلیمانی نظام کا۔ تو اگر PTI Senate کے خرچے پر Barbados جاسکتی ہے تو PTI Standing Committees میں کیوں نہیں بیٹھ سکتی؟ PTI یہ کیوں insist کرتی ہے کہ ہم لوگ full House کو committee میں تبدیل کر دیں، پھر ہم بات کریں گے، مطلب، ایسے نہیں ہو سکتا کہ میٹھا میٹھا ہپ ہپ اور کڑوا کڑوا تھو تھو۔ جو

PTI کو پسند نہیں ہے، PTI نہیں لے گی، delegations میں جانا پسند ہے، foreign tours پسند ہیں، وہ PTI کرے گی، Standing Committees میں جہاں actual کام ہوتا ہے، Law Committee میں جہاں actual کام ہوتا ہے وہاں سے PTI boycott کر گئی ہے۔ یہاں اجلاس میں سننے کی ان کو they do not have the courage to listen to us in the Parliament تو وہ اٹھ کے چلے جاتے ہیں اپنی تقریر کرنے کے بعد، صحیح غلط جو بھی کرنے کے بعد۔ باہر foreign tours سے پچھلے مہینے ہو کر آئے ہیں تو اس کا حوالہ ہمیں دے رہے ہیں۔ بھئی آپ standing committee میں جائیں، آپ وہاں پر بات کریں، آپ ان ترامیم پر proper بحث کریں what are the standing committees If not a reflection of the House? That is where we need your representation مگر آپ نے فیصلہ کیا ہے کہ جی نہیں، ہم سارے مراعات لیں گے مگر ہم کام کوئی بھی نہیں کریں گے۔

عمران خان کی تصویر لے کر کھڑے ہیں، ابھی بھی خود نہیں ہیں، عمران خان کی تصویر کھڑی ہے۔ جن فاضل ممبر نے اپنی کرسی پر عمران خان کی تصویر لگائی ہے I challenge her, in the past four years, what legislation has she brought to Parliament? She is a legislator, she is not an Imran Khan photographer. ہیں، بتائیں کیا legislation کی ہے؟ ہم سے پوچھیں، ہم نے کیا legislation کی ہے؟ ہم legislators ہیں، ہمارا کام ہے ترامیم دینا، ہمارا کام ہے amendments دینا، ہمارا کام ہے laws دینا۔ وہ کرنا نہیں کہ یہاں آ کے dais پر کاغذ پھاڑنے اور یہاں آ کے عمران خان زندہ باد کے نعرے لگانے، اس کی photo لگانی ہے اور بھاگ جانا ہے۔ What is this? This is not the work of a legislator.

چیئرمین صاحب، بات یہ ہے کہ ستائیسویں ترمیم آئی ہے، بالکل آئی ہے، and we are fully supporting the three core issues, we are supporting the core issues of the court, the core issue of the transfer of the judges, and the core issue of the article 243 being amended. ہم بڑے خوش ہیں کہ ہم نے انڈیا کو منہ توڑ جواب

دیا ہے، ہم دوبارہ دیں گے، ان شاءاللہ۔ We are all very happy with this. If PTI is not, PTI should sit in the standing committee and propose amendments. If MQM is not, MQM should sit in the standing committee and propose amendments, میں آپ کو یہی کہوں، because we have done that. if you have done it, very good. It is up to the government to support you. اب دیکھ لیں، اب cross talk ہو گی، پھر میں نے کہا کہ بات نکلے گی تو پھر دور تلک جائے گی، نہ نکالیں باتوں کو۔ ہم یہ کہتے ہیں کہ ستائیسویں ترمیم آپ House میں لائیں، ہم سے ووٹ لیں، and we are very happy to support it, Thank you very much.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر خلیل طاہر صاحب۔

**<u>Senator Khalil Tahir</u>**

سینیٹر خلیل طاہر: بہت شکریہ جناب چیئرمین۔ اکثر دھوکہ دے جاندے نے شکلوں ویکھے جاچے لوگ، میں نے آپ کے بارے میں نہیں کہا۔ آپ ایک دم wielded ہو گئے ہیں، بڑے terrified ہو گئے۔ اکثر دھوکہ دے جاندے نے شکلوں ویکھے جاچے لوگ، سانوں اگے راواں دس اپنے گھروں گواچے لوگ۔ جناب چیئرمین! اس سے پہلے کہ آپ سب گھڑی گھڑی اپنی گھڑیاں دیکھیں، I will be so confined. یہاں پر ہم اکثر بات کرتے ہیں، جو درست بھی ہے کہ مشرف نے ایک غیر ضروری unconstitutional قدم اٹھا کر غیر قانونی اور غیر آئینی اقدامات کیے۔ اس میں ایک قدم یہ بھی تھا کہ minorities کے مانگے بغیر انہوں نے مخلوط الیکشن کر دیا جبکہ ہمارا مطالبہ یہ تھا کہ ہم اپنی reserved seats پر سے الیکشن جیت کر آئیں in the permeable of the Constitution of 1973 of Islamic Republic of Pakistan. حقِ حکمرانی صرف اُسی کو ہے جو عوام کے چنے ہوئے لوگ ہیں۔ تو اس نے ختم کر دیا، ہم نے اُس کو آج تک ختم نہیں کیا۔

آج بھی میرا مطالبہ ہوگا اور humble submission ہو گی کہ اس کو ختم کریں اور ہمیں اپنے نمائندے چننے دیں کیونکہ Article 226 کہتا ہے کہ all elections must be held through a secret ballot. تو یہاں پر ہمارے کافی با اثر لوگ بیٹھے ہیں،

جیسے کہ مصدق ملک صاحب جیسے بڑے بااثر لوگ یہاں پر بیٹھے ہیں۔ امید ہے میری بات کہیں تک تو پہنچے گی کہ یہ جو آئین کا Article 226 ہے یہ secret ballot paper کے ذریعے ہوتا ہے اور ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے نمائندے حلقہ بندی کے ساتھ، یہ نہیں کہ جس طرح بلوچستان والے بھائی کل کہہ رہے تھے کہ ہمارے حلقے بہت بڑے ہیں، اُس وقت بھی ہمارے ساتھ بڑی مشکل تھی کہ ہمارے MNAs کے لیے پورا پاکستان حلقہ تھا اور MPAs کے لیے پورا صوبہ حلقہ تھا۔ ہم چاہتے ہیں کہ ہماری حلقہ بندی کی جائیں اور ہمیں secret ballot paper کے ذریعے اپنے نمائندے چننے دے جائیں تاکہ ہم اس system سے، اس گورکھ دھندے سے نکل سکیں۔

Article 25 says that you all are equal citizens اور یہ صرف آئین کا Article 20 ہی نہیں کہتا بلکہ یہ آپ سے چودہ سو سال پہلے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ کسی کو کسی پر فوقیت حاصل ہے ہی نہیں۔ اگر ہے تو اس کے piety اور تقویٰ کی وجہ سے ہے۔ پھر

Quaid-i-Azam Muhammad Ali Jinnah was a charismatic leader. He said that you are free to go to your churches, you are free to go to your mosques, you are free to go to your temples, you are free to go to your churches. State has no concern with it.

تو ہم تو گزارشات ہی کر سکتے ہیں اور تو ہم کچھ کر نہیں سکتے۔ چونکہ ہمیں یہ کہا جاتا ہے اور یہاں پہ جھنڈا ہوتا تھا، اب تو شاید نہیں ہیں کہ یہ سفید رنگ آپ کا ہے جی۔ تو ظاہر ہے سفید رنگ ہمارا ہے تو پھر ڈنڈا بھی اُسی طرف ہی ہے۔ لیکن ایک بات positive یہ ہے کہ اُسی ڈنڈے نے پورے جھنڈے کو سنبھالا ہوا ہے۔ تو اگر ہمارا رنگ علیحدہ ہے تو اس پر ہمارا الیکشن بھی جدا کرنا چاہیے اور ہمیں حلقہ بندی کے ساتھ الیکشن علیحدہ دیا جائے۔

میرے ایک پیپلز پارٹی سے بھائی نے کہا، جو میرے لئے بہت قابل احترام ہے، ہاں جی I admit, میں ان کی باتوں کو تسلیم کرتا ہوں لیکن ہماری problem یہ ہے کہ ہم نے defense میں, education میں اور medical میں،

we have contributed a lot. The Christians, peoples, missionaries, from various European countries, from US,

from UK, from Australia, from Sri Lanka and so many other countries like France, Italy, Norway, Belgium,

ہم نے بہت serve کیا ہے۔ لوگ بڑے خوشی سے کہتے ہیں کہ میں Jesus and Mary School سے پڑھ کے آیا ہوں۔ میں St. Bonaventure's School سے پڑھ کے آیا ہوں، ہمارے محب علی صاحب یہاں بیٹھے ہیں، وہ فرماتے ہیں کہ میں فلاں سکول سے پڑھ کے آیا ہوں اور بہت سارے لوگ کہتے ہیں۔ بھائی اگر پڑھ کے آئے ہو تو ہمیں کم سے کم اتنا ہی اُس بات کی لاج تو رکھنی چاہیے۔ ہمیں خوشی ہے، ہمارا ہندو بھائی منسٹر ہے، یہاں پر سٹیٹ منسٹر ہے۔ ہمیں خوشی ہے کہ ہمارا سکھ بھائی پنجاب میں، بے شک ووٹ بہت تھوڑے ہیں، وہ پنجاب کا منسٹر ہے۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ ان کو ہٹا دیں، ہم یہ چاہتے ہیں کہ اگر اسی system کے ساتھ چلنا ہے تو سب کو ایک equality کی بنیاد پر دیکھیں ورنہ بہت ساری باتیں ایسی ہوتی ہیں کہ جو چھالے پاؤں میں ہوتے ہیں، وہ سب کو نظر آتے ہیں لیکن وہ کہتے ہیں کہ

گرتی ہوئی دیوار کا ہمدرد ہوں لیکن،
چڑھتے ہوئے سورج کی پرستش نہیں کرتا،
ماتھے کے پسینے کی مہک آئے تو دیکھیں
وہ خون میرے جسم میں گردش نہیں کرتا

میں چونکہ مصدق ملک صاحب کا بار بار نام اس لیے لیتا ہوں کہ وہ بہت influential minister ہیں۔ تو ہماری باتیں پلیز آگے تک پہنچائیں، خدا کے لئے۔ خدا کے لئے کہ آپ سارے بڑے فخر سے کہتے ہیں کہ ہم آپ Christian لوگوں کے ادارے سے پڑھے ہیں، ہم آپ کے ادارے سے پڑھے ہیں، ہم آپ کے ادارے سے پڑھے ہیں لیکن ہمیں دے کیا رہے ہیں؟ ہماری یہ reserved seats ختم کر دیں، ہم الیکشن جیت کے آئیں۔ Article 226 says that secret ballot paper ہوگا تو اُس کو کریں۔ میں یہ اس لیے کہہ رہا ہوں کہ یہ مشرف نے کیا تھا اور آپ مشرف کو کہتے ہیں but he was a dictator.

(اس موقع پر ایوان میں اذان ظہر سنائی دی گئی)

سینیٹر خلیل طاہر: بہت شکریہ جناب چیئرمین! اذان کا وقفہ تھا، ہمارے لئے سعادت ہے۔ تو یا پھر اس طرح کر لیں کہ اگر آپ نے یہ علیحدہ seats والا system بھی رکھنا ہے تو ساتھ

combined seats بھی کر دیں، یہ بھی کر دیں۔ ہم اپنے نمائندے بھی خود چن لیں اور ہمیں right to vote تو ہونا۔ یہ تو Fundamental Right ہے اور یہ جو ہمارے بنیادی حقوق ہیں۔ آئین کی آرٹیکل سات سے اٹھائیس تک جو انسانی حقوق ہیں، یہ اُن کی مخالفت ہو رہی ہے۔

Law یہ کہتا ہے کہ اگر law کی interpretation ہو گی تو جو چیزیں Fundamental Rights کے خلاف ہوں گی، اُن کو ختم کیا جا سکتا ہے۔ This is not the gospel truth اٹھارویں ترمیم کوئی gospel truth تو نہیں ہے کہ اُس کو ختم نہیں کیا جا سکتا۔ اگر اس میں کوئی چیز ایسی رہ گئی ہے، انسان ہے نا، انسان سے غلطی ہو سکتی ہے تو اگر آپ اس کی درستی فرمانا چاہتے ہیں تو مہربانی کرکے یہ فرمائیں۔ ہم آپ کے شکر گزار رہیں گے۔

اچھا دوسری بات، اب آتے ہیں ترمیم کی طرف۔ بار بار یہاں پہ کہا گیا جی کہ judges کو اس طرح سے transfer کر دیا جائے گا، یہ کر دیا جائے گا، وہ کر دیا جائے گا۔ پر وہ بات جس کا پورے افسانے میں ذکر نہ تھا، وہ بات ان کو بڑی ناگوار گزری ہے۔ جناب! ہوا کیا، آج تک عدلیہ نے کیا کیا ہے؟ Openly اگر contempt ہوتی ہے تو ہو، as a lawyer میں بھگتوں گا، بے شک میرا license cancel کر دیں۔ لیکن کیا ہوتا ہے کہ آئین کے ۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر خلیل طاہر: مجھے پتا ہے، مجھے اُس معاملے کا پتا ہے۔ یار، آپ مجھے disturb نہ کریں پلیز، مجھے پتا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: قادر صاحب پلیز۔

سینیٹر خلیل طاہر: وہ مجھے کسی اور کام میں بلا لیں گے۔ تو ہم چاہتے یہ ہیں کہ یہ کیا طریقہ ہوا کہ آئین کے خالق کو آپ سزا موت دے دیں۔ آپ نظریہ ضرورت لے آئیں اور جب ذوالفقار علی بھٹو کو سزا موت دے رہے تھے جو سندھ کے تین judges جس میں minorities کے judges شامل تھے، انہوں نے کہا کہ یہ capital punishment نہیں دی جا سکتی اور یہ تاریخ میں پہلی بار ہوا کہ Pope John Paul II نے اپیل کی کہ اِس بندے یعنی ذوالفقار علی بھٹو کو پھانسی نہ دیں۔

اس کے بعد کیا کرتے ہیں کہ میاں محمد نواز شریف جو خوشحالی کا پیغامبر ہیں، دو تہائی اکثریت لے کر آتا ہے، جناب آصف سعید کھوسہ صاحب judgement میں لکھتے ہیں کہ there is no any element of corruption but اپنے بیٹے سے تنخواہ نہیں لی، لہٰذا یہ تاحیات نااہل ہے۔ جناب! یہ کیا بات ہوئی۔ پھر یوسف رضا گیلانی صاحب آتے ہیں۔ آپ نے زرداری صاحب کے بارے میں letter نہیں لکھا کیونکہ صدر کو اِستثنٰی حاصل ہے۔ اُنہوں نے نہیں لکھا تو آپ اپنے گھر جائیں۔ یہاں سے حامد علی خان صاحب جو چلے گئے ہیں، ہمارے بڑے ہیں اور senior ہیں، اُن کی اپنی کتاب کا ایک ایک صفحہ ہر جج کے بارے میں contemptuous ہے۔ ایک ایک جج کے چیمبر کے آٹھ آٹھ جج بنتے ہیں جو عدالتوں میں circumstances کو corcumstanses کہتے ہیں۔ ہم بھی 1996 سے practice کر رہے ہیں۔

اب اگر ہم اس بات کو ختم کرتے ہیں کہ judges merit پر لے آئیں، جن کو Judicial Commission لے آئے جس میں پانچ عدلیہ کے ممبر بھی ہوں تو کون سی بُری بات ہے۔ پھر میں حیران ہوں کہ پہلی دفعہ as I am the Member of that Standing Committee اور آپ بھی تھے، یہ کیا برا کر دیا ہے؟ ایک بندہ جس نے اپنے ملک سے آبادی کے لحاظ سے آٹھ گنا بڑے ملک سے جنگ جیتی ہے۔ جنگ پوری قوم نے جیتی ہے، media نے جیتی ہے، Opposition نے بھی جیتی ہے، سب نے جیتی ہے لیکن قیادت جنرل سید عاصم منیر کی تھی۔ آپ کون سی اپنی دس کلے، بیس کلے یا سو کلے زمین اس کے نام لگوا رہے ہیں، یہ انہیں honour دے رہے ہیں، سب Commonwealth countries میں یہ ہے کہ وہ تاحیات وردی پہن لیتے ہیں، کیا ہو جائے گا، آپ کو اس سے کیا تکلیف ہے؟ آپ ایک طرف مشرف کو کہتے تھے کہ ہم انہیں سو سال تک وردی میں دیکھنا چاہتے ہیں، اِدھر کیا کہتے ہیں، اتنا تضاد کہ مذاکرات آپ ان سے کرنا چاہتے ہیں اور ہم انہیں اس بڑے کارنامہ سرانجام دینے پر honourary کچھ دینا چاہتے ہیں، وہ ہر مقام پر محترم وزیرِاعظم صاحب کے ساتھ گئے ہیں، انہوں نے trade, foreign affairs میں اسحاق ڈار صاحب کے ساتھ، سب کے ساتھ مل کر پاکستان کو عالمی تنہائی سے نکالا ہے۔ آج ہم یورپ کے ساتھ ہیں، آج ہم امریکہ کے ساتھ ہیں، آج روس ہمارے ساتھ ہے، ہمارا دیرینہ دوست چین ہمارے ساتھ ہے۔ ان لوگوں کو بھی تو دیکھیں، آپ

کیا petty issues میں پڑ گئے ہیں، یہ ہو گیا، وہ ہو گیا۔ علی ظفر صاحب بھائی ہیں، وہ فرما رہے تھے کہ لاش آ گئی ہے، لاش تو آپ نے دی، لاش تو اس وقت دی تھی جب آپ نے مشرف کو کہا کہ آپ تین سالوں کے لیے Constitution میں amendment کر سکتے ہیں، لاش تو اس وقت تھی جب ضیاء الحق کا نام آئین میں لکھ دیا گیا۔ ان باتوں کو دیکھیں، اس constitutional amendment میں کوئی برائی نہیں ہے، ججوں کی transfer میں یا 243 پر، ہاں! انہیں ایک بات بہت ناگوار گزری تھی۔ ہمارے national, international and social media کے لوگ یہاں بیٹھے ہیں، کہا گیا کہ وزیراعظم کو indemnity دے رہے ہیں، I know that Anusha Rehman Sahiba were not instructed by anyone. کہ ایک وزیراعظم آتا اور جب وہ چلا جاتا ہے تو اسے مجسٹریٹ کا notice آ جاتا ہے کہ آپ کو کل جیل جانا پڑے گا۔ وہ پورے ملک کا وزیراعظم ہے لیکن میرے وزیراعظم نے کہا کہ مجھے کسی indemnity کی ضرورت نہیں ہے، مجھے immunity کی ضرورت ہی نہیں ہے، مجھے نہیں چاہیے، میں بھگتوں گا، پہلے بھی جھوٹے، سچے مقدمات نہیں بنے؟ وہ ترمیم withdraw ہو گئی اور معاملہ ختم ہو گیا۔ اب اس میں کون سی ایسی بات ہے اور اس level پر طوفان کھڑا کر دیا ہے۔ آپ کا ہمسایہ ملک جو کہہ رہا ہے اور آپ کے ساتھی ملک افغانستان کو تیار کر رہا ہے کہ اس کی سرزمین استعمال ہو اور آپ کو نیست و نابود کرے۔ اگر اللہ تعالیٰ نے آپ کو یہ ملک دے دیا ہے تو آپ اس کو سنبھال لیں۔ ہاں! Amendment کی مخالفت کریں، اِدھر بیٹھ کر کریں، کوئی cogent evidence تو دیں۔

میری آپ سے humble submission ہو گی کہ جتنی بھی ساری باتیں ہیں یہ frivolous ہیں، اس آئینی ترمیم میں کوئی ایسی بات نہیں جو conflict to Constitution ہو۔ میں آپ کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا۔ میں آخر میں صرف اتنا کہوں گا کہ؛

اتوں وڈیا ہور وہ سنگڑا ہو جانا
ظلم دا بوٹا وڈھنا ہی تے مڈھوں وڈھ
ایویں بوکے کڈ کڈ پیا مشقت کرنا ایں

بہت شکریہ، جناب۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ، سینیٹر عبدالقادر

**Senator Muhammad Abdul Qadir**

سینیٹر محمد عبدالقادر: بہت شکریہ جناب چیئرمین۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحۡبِہٖ وَسَلِّمۡ۔ آج ہم 27th Amendment پر بحث کر رہے ہیں۔ آئین میں ہونے والی ہر ترمیم مستقبل کے نظام، اداروں کے توازن اور عوامی اتحاد پر اثر ڈالتی ہے، everybody knows that Constitution is the supreme law of the country that set out basic principles, structure and functions of the Government also defines rights and duties of the citizens. جناب چیئرمین! آئینی ترامیم ہوں تو دو چیزوں کو ملحوظ خاطر رکھنا چاہیے، پہلی چیز قومی مفاد، دوسری چیز آئینی توازن اور عوامی مفاد۔ جناب والا! پاکستان ایک وفاقی پارلیمانی اور اسلامی ملک ہے۔ اس جمہوری نظام میں ہمیں اپنے parliamentary system کی respect کرنی ہو گی اور دنیا میں انہی ملکوں نے ترقی کی ہے، انہی ملکوں کی economy strong ہوئی ہے جنہوں نے اپنی جمہوریت کو strengthen کیا ہے۔ جمہوریت کو مضبوط کرنے کی بہت ساری requirements ہیں، جن میں سے main اداروں کا توازن، قانون کی بالادستی اور عوامی اختیار کی بالادستی ہے۔

جناب والا! ریاست کے تین pillars میں Legislature, Executive and Judiciary ہے۔ ہم نے یہ دیکھا ہے and sorry to say کہ عدلیہ کا دنیا میں جو survey ہوتا ہے، 143 ممالک میں سے ہم 129th number پر آتے ہیں۔ جناب والا! جیسے دوستوں نے پہلے بھی ذکر کیا کہ عدلیہ میں جو pendency ہے وہ تقریباً پچاس سے ساٹھ ہزار مقدمات کی ہے۔ 1997 کے بعد پچھلے سال ہمارے ملک میں اٹھائیس سالوں کے ججوں کی تعداد کو بڑھایا گیا ہے لیکن اس کے باوجود Supreme Court of Pakistan وہ ادارہ ہے جس نے لوگوں کو justice مہیا کرنا ہے۔ آپ یقین کریں کہ اب تک لوگوں کو اپنے مقدمات لگانے کے لیے وہاں سفارش کرنی پڑتی ہے، وہاں lobbying کرنی پڑتی ہے، یہاں تک کہ وہاں قائداعظم صاحب کی سفارش بھی چل جاتی ہے۔ میرے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ اگر حکومت نے یہ step لیا ہے کہ وہ آئینی

عدالت کو علیحدہ کر رہے ہیں اور سپریم کورٹ کو علیحدہ کر رہے ہیں کیونکہ ہمارے ملک میں Chief Justices and judges نے کبھی ڈیم بنانے پر توجہ دی، کبھی *suo motu* پر مختلف لوگوں کے political cases میں indulge ہوئے، کبھی PSDP funds بانٹنے میں indulge رہے ہیں لیکن لوگ اپنے مقدمات میں دس سے بیس سال تک رُلتے ہیں۔ اگر کسی کا مقدمہ سپریم کورٹ میں لگ جائے تو یہ ایک بھیانک خواب ہوتا ہے۔ آپ خود بتائیں کہ اگر لوگوں کو بیس بیس سال وہاں انصاف مہیا نہیں ہو گا تو آپ اس سے کیا اخذ کریں گے یا وہ معاشرہ کیا چلے گا؟ آپ یقین کریں کہ اس ملک کے ستائیس سو ارب روپے کے ٹیکس کے مقدمات more than five years stay پر چل رہے ہیں۔ اگر ہمارے ججوں کے پاس بلدیاتی، صوبائی سیٹوں اور political cases کو سننے کا وقت ہے تو یقیناً انہیں یہ سمجھنا ہو گا کہ ہمیں پاکستان کے revenue cases کو بھی importance دینی ہے، ہمیں یہ بھی سمجھنا ہو گا کہ جو غریب لوگ مشکل سے سپریم کورٹ تک پہنچتے ہیں، ان کے مقدمات کو بھی importance دینی ہے۔ یہ ایک well thought process ہے کہ ایک آئینی عدالت علیحدہ بنا دی جائے جس کا صبح سے شام تک کام آئینی معاملات کو سننے کا ہو، انہیں حل کرنے کا ہو اور اس میں یہ نہ ہو کہ چھوٹے مقدمات پانچ پانچ، دس دس سال تک لگے ہی ناں۔ ایسے مقدمات ہیں جن میں میڈیا پر، ٹی وی پر خبریں چلتی ہیں، وہ مقدمات آج دائر ہوں اور کل سے ان کی regular hearing شروع ہو جائے۔

جناب چیئرمین! میں نے آپ کو بتایا کہ World Justice Project Rule of Law Index میں پاکستان کا civil justice system 124$^{th}$ number پر ہے اور پاکستان کا criminal justice system 108$^{th}$ number پر ہے۔ جناب والا! میں کہتا ہوں کہ ہم کہہ سکتے ہیں کہ انہوں نے جو classification or numbering کی ہے، یہ ٹھیک نہیں ہے، 124$^{th}$, 108$^{th}$ سے آپ پانچ، دس نمبر نیچے آ جائیں گے but this is the result. ہم اپنے حق میں بہت ساری باتیں کر سکتے ہیں لیکن جو international ادارے ہیں جو لوگوں کو observe کر رہے ہیں، اگر وہ آپ کو بتا رہے ہیں کہ آپ کا نظام اتنا فرسودہ ہو چکا ہے، آپ کا نظام اتنا خراب ہو چکا ہے تو یقیناً ہمیں اس کی improvement کرنی ہو گی اور

اس کی improvement اگر ہم اپنی پارلیمنٹ کے ذریعے کر رہے ہیں تو یہی ایک جمہوری طریقہ ہے۔

جناب چیئرمین! اس کے علاوہ میں تھوڑی سی وُہ بات بھی کرتا ہوں، اب خالی کرسیوں سے آپ مجھے بتائیں، میں کیا بات کروں؟ ہم گورنمنٹ کو یہ بتانا چاہتے ہیں کہ although پاکستان میں یا جمہوریت میں بڑی پارٹیز ہی حکومت کرتی ہیں۔ ہمارے جیسی چھوٹی پارٹیز جیسے MQM، PML(Q), BAP,ANP ہے ہماری بات نہ کوئی سنتا ہے اور نہ ہی کوئی ہمیں importance دی جاتی ہے۔ اس کا proof آپ دیکھ لیں BAP نے ہم نے 26ویں ترمیم میں بھی request رکھی کہ ہماری صوبائی اسمبلی کی سیٹیں جس سے پورے پاکستان کی seats کو کوئی problem نہیں ہے۔ تمام پارٹیز اس کو agree بھی کر رہی ہیں۔

اسی Senate of Pakistan نے اس کو Law and Justice کی قائمہ کمیٹی سے previously approve کر کے اس سینیٹ میں تمام پارٹیز نے vote کر کے approve کیا۔ 26ویں ترمیم میں کہا گیا کہ ہم اس کو 27ویں ترمیم میں رکھیں گے۔ لیکن اب جب 27ویں ترمیم آئی ہے آپ خود اس میں شامل ہیں، ہم شامل ہیں۔ میں Law and Justice کمیٹی کا ممبر ہوں۔ وہاں پر میں نے یہ amendment دینے کی کوشش کی لیکن تھوڑا بہت سنا گیا، تھوڑا بہت نہیں۔ لیکن Pakistan People's Party اور PML(N) نے نہ وہ ماننا تھا، نہ وہ مانا۔

ہمیں ایک lollipop دیا گیا کہ رات کو ہم leadership سے بات کریں گے، صبح ہم یہ کریں گے۔ لیکن I am sure کہ اس قسم کی کوئی amendment وہاں نہیں آ رہی۔ PML(Q) نے اپنی ایک amendment چوہدری شجاعت صاحب کی طرف سے لائی تھی۔ اس ترمیم کو بھی اسی طرح سُنی اَن سُنی کر دیا گیا۔ MQM والے اپنے بلدیاتی نظام کے لیے کچھ لے کر آئے ہیں چونکہ they think کہ کراچی، حیدرآباد میں ان کی population زیادہ ہے، وہ بلدیاتی نظام کی بات کر رہے ہیں۔ بلدیاتی نظام واقعی ہی اختیارات کی نچلی سطح پر منتقلی ہے فوری اور موثر فیصلے ہیں، مطلب گاؤں کے level پر یا اس علاقے کے لوگوں کو خود اپنے مسائل کا بہتر پتا ہوتا ہے۔ کراچی میں بیٹھے آدمی کو یا لاہور میں بیٹھے آدمی کو ساہیوال کا یا ڈی جی خان کے مسائل کا اس

طرح پتا نہیں ہوگا جتنا lower level پر اگر بلدیاتی نظام کو ہم powerful strengthen کریں تو ان کے لوگوں کو پتا ہوگا۔ فیصلے وہیں ہوں گے جہاں پر مسائل پیدا ہوں گے۔ لیکن MQM کی amendment کو بھی بالکل ردی کی ٹوکری میں پھینک دیا گیا۔

اس طرح میں یہ کہتا ہوں کہ Prime Minister صاحب نے ایک ایسے وزیر صاحب اعظم نذیر تارڑ صاحب رکھے ہیں جو سوئی کے ناکے میں سے ہاتھی گزار نا جانتے ہیں۔ جب بھی ہم ان کے پاس گئے انہوں نے اتنے خوبصورت چہرے سے اتنے پیارے الفاظ میں ہمیں اور آپ کو فارغ کیا کہ ہمیں لگا کہ صبح یہ ہماری amendment آ رہی ہے۔ لیکن نہ ایسی کوئی amendment کی ہمیں امید ہے، نہ کوئی ایسی amendment آ رہی ہے۔

جنابِ چیئرمین! میں یہ کہتا ہوں کہ جمہوری حکومتوں کو جمہوری انداز میں چلنا چاہیے۔ ایک دوسرے کے جو بھی مسائل ہیں ان کو اپنا مسئلہ سمجھنا چاہیے۔ ان مسئلوں کو اگر ہم وقت کے ساتھ آہستہ آہستہ حل نہیں کریں گے تو آپ یقین کریں کہ یہ چیزیں آہستہ آہستہ ایک heart burn کی طرف چلی جاتی ہیں اور لوگوں کو احساس ہوتا ہے خاص طور پر چھوٹے صوبوں یا چھوٹی جماعتوں کو کہ بڑی جماعتیں نہ انہیں serious لیتی ہیں، نہ ان پر weightage دیتی ہیں، نہ ان کے لیے کوئی دردِ دل رکھتی ہیں۔

حکومت سے میری درخواست ہوگی کہ ابھی بھی time ہے جو یہ چھوٹی amendments PML(Q) بلوچستان عوامی پارٹی اور MQM نے لائی ہیں ہمیں وہ consider کر لینی چاہیے۔ میں نے اپنی ذاتی حیثیت میں یہ تجویز دی کہ جو elevations ہیں High Court میں وہ کم سے کم lower judiciary, district judiciary سے 25% ہے وہاں سے ہونی چاہیے کیونکہ جب آپ جج کو appoint کرتے ہیں (BPS-17) civil judge میں اور اس کو پتا ہوتا ہے کہ میں ایک یا دو promotions کے بعد میرے اُوپر cap ہے، تو نہ وہ اپنی reputation کا، نہ اپنے کام کا، نہ اپنی judicial work کا خیال رکھتا ہے۔ اگر اس کو پتا ہوگا کہ کل میں High Court اور Supreme Court میں consider کیا جاؤں گا، تو یقیناً لوگ محنت کریں گے۔ reward اور punishment کا دنیا کا یہی طریقہ ہے۔

میں نے وہاں پر amendment جمع کی اس کو بھی ہمارے بڑے بڑے لیڈر جو اگلی سیٹوں پر بیٹھے ہیں انہوں نے فارغ کر دیا، نہ سنا، نہ کچھ کیا۔ لیکن ہم اس پر اپنی کوشش جاری رکھیں گے۔ سینیٹر دنیش کمار صاحب نے ایک بڑی اچھی amendment بھیجی کہ Provincial Cabinets ہیں اس میں at least ایک minority Member ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ KP میں کبھی نہیں ہوا، بلوچستان میں ہوا ہے، سندھ میں ہوا ہے۔ تو اس ترمیم کو بھی سُنا اَن سُنا کر دیا گیا۔

جنابِ چیئرمین! میں اس ایوان کے توسط سے حکومت کو یہ کہنا چاہتا ہوں کہ total 20 votes PML(N) کے ہیں، 26,PPP کے ہیں۔ آپ چھوٹی پارٹیوں کو بھی اپنا حصہ سمجھیں، ان کو seriously consider کریں۔ اگر کوئی ایسی amendment یا ایسا point یہ پارٹیاں لے کر آ رہی ہیں جو اپنے علاقے سے ان کو اُس کا احساس ہے اور وہ سمجھتی ہیں کہ ہماری عوام کو اس amendment کی ضرورت ہے۔ اس amendment سے کسی کو نقصان نہیں ہے تو ضرور consider کر کے اس کو شامل کر لینا چاہیے۔ مجھے سمجھ نہیں آ رہی کہ لوگ اس پر اعتراض کیوں کر رہے ہیں اور کیوں اس کو importance نہیں دے رہے۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ سینیٹر جام سیف اللہ خان صاحب۔ سید وقار مہدی صاحب اس کے بعد ان شاء اللہ۔ شکریہ۔ .I will be grateful sir

**Senator Jam Saifullah Khan**

سینیٹر جام سیف اللہ خان: جنابِ چیئرمین! آپ کا بہت بہت شکریہ۔ یہ جو آئینی amendment ہے اس میں جو بھی ہم تبدیلیاں کر رہے ہیں اگر اس کے background میں جائیں تو میرا خیال ہے کہ background میں جانا بہت ضروری ہے۔ ایک تو آپ جو 243 کی amendment لا رہے ہیں اس میں ظاہرً Army سے متعلق ہے۔ جناب چیئرمین! آپ کو پتا ہے کہ خاص طور پر ابھی اس وقت جو حالات ہیں ایک ہماری تازہ India کے ساتھ جنگ رہی ہے اور Afghanistan کے ساتھ بھی ہمارے کافی کشیدہ تعلقات ہیں۔ ہمارے پاس insurgency چل رہی ہے، بلوچستان میں بھی اور خیبر پختونخوا میں بھی۔ اس میں بھی ہمارے فوج کے جوان ساتھی وہ شہادتیں بھی دے رہے ہیں۔ میں اس موقع پر جو شہید ہو رہے ہیں ان کو

سلام بھی پیش کرنا چاہوں گا۔ وہ اس ملک کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر اس ملک میں stabilityلانے کی کوشش کر رہے ہیں۔

جناب والا! اگر اس کی تفصیل میں جائیں تو Indiaکا بھی جو واقعہ ہوا ہے میں خاص طور پر فیلڈ مارشل کو appreciate کرتا ہوں۔ اکثر جو ہماری آرمی کیestablishment ہے میں اُن پر کافی تنقید بھی کرتا رہا ہوں لیکن میں اس Army Chief کی جس طریقے سےclarity ان کے ذہن میں ہے اور جس طریقے سے boldness ہے میں اُس کو appreciate کرنا چاہوں گا۔ میں سمجھتا ہوں کہ چاہے India کی war ہو یا Afghanistan کی اس وقت جو صورتِ حال ہے اس میں انہوں نے clarity کے ساتھ جو standلیا ہے اس ملک کے لیے کافی بہتر ہے۔

جناب چیئرمین! آپ کو پتا ہے کہ خاص طور پر KP میں طالبان کے issues رہے ہیں اور اس میںunfortunately ہماری طرف سے بھی establishment and governmentکی طرف سے ہم لوگ محسوس کرتے ہیں کہ اُن کے لیے ایک sympathy بھی پائی جاتی ہے یا ایک قسم کی collusion بھی ان کے ساتھ ہے اور کہیں نہ کہیں اُن کے ترجمان بھی بن جاتے ہیں۔ یہ چیزیں جو نسی ہیں نا good Taliban and bad Taliban یہ ہمارے ملک میں بڑی confusion پھیلاتے رہے ہیں۔ ہم جیسے لوگ تو ہمیشہ یہ سمجھتے تھے کہ یہ جوAfghan Taliban ہیں یاTTP ہیں انہوں نے ایک ہی شخص کی بیعت کی ہوئی ہے۔ ہمیں تو اس میں کوئی فرق نہیں لگتا تھا ان کی جو بھی policy ہے۔ دونوں کی بڑیclear policy تھی اور وہ پاکستان میں وہی جس طریقے سے افغانستان انہوں نے ایک medieval type کا جو انہوں نے نظام رکھا ہوا تھا وہ نظام لانا چاہتے تھے اور یہاں بھی جو اُن کے ساتھی ہیں وہی لانا چاہتے تھے۔ آپ کو پتا ہے کہ وہاں پر انہوں نے لڑکیوں کے school تباہ کیے، ان پر bombing کی گئی اور اُن کو تعلیم سے محروم رکھنے کی کوشش کی گئی اور اس وقت بھی ہمارے کچھ party کے لیڈران تھے وہ یہ چیزیں کہتے تھے کہ آپ ان کے ساتھ بات نہ کریں، یہ ہمارے بھولے بھٹکے لوگ ہیں۔ اس وقت جو بھی دہشت گردی کے واقعات ہوتے تھے، آپ پرانی تفصیل دیکھیں، چاہے اس میں ہماری ANP ہو، چاہے ہماری جو بھی liberal قوتیں تھیں جس میں پیپلز پارٹی ہو۔ حالانکہ وہاں پر مولانا

صاحب کی جو جماعت ہے ان پر بھی attacks ہوئے اور صرف ایک جماعت تھی جو ان کی وکالت کرتی تھی، چاہے ڈرونز ہوں، پچھلے پندرہ بیس سالوں سے وہ یہی منتر پڑھتے تھے کہ یہ اپنے لوگ ہیں اور ہم دوسروں کی جنگ میں کیوں آئے ہیں۔ ان کے جو مدرسے اور allied مدرسے تھے ان کو کروڑوں روپے فنڈز بھی دیتے تھے اور ان کے ساتھ ہوتے تھے۔

جناب چیئرمین! اس confusion سے ہمیں نکلنا چاہیے اور ہمیں یہ ماننا پڑے گا کہ ان دونوں کا ایک دوسرے کے ساتھ مفاد تھا۔ ایک جماعت ان کی political wing تھی اور دوسری political party کے سارے لوگ خاص طور پر خیبر پختونخوا میں ایک قسم کی level playing field جو دوسری جماعتوں کے لیے تھی وہ ساری ختم کرتے جارہے تھے۔ اب ظاہر سی بات ہے کہ اگر آپ دوسری جماعتوں کے جلسوں کو interrupt کریں گے، ان کے لیڈروں اور workers کو ماریں گے، ان کے منسٹروں کو ماریں گے تو ظاہر سی بات ہے کہ جو خلا پیدا ہوتا ہے اس میں جو جماعت ان کی حمایتی ہوتی ہے پھر اس کو موقع ملتا ہے۔ انہوں نے social media پر disinformation and misinformation پھیلا کر لوگوں کا بالکل brain wash کرکے ایک cult type system بنالیا۔ مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ہمارے کئی پڑھے لکھے لوگ جو کہ intellectuals ہیں وہ یہ چیزیں دیکھتے ہوئے، اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ پہلے باجوہ صاحب کے وقت میں جو واقعات ہوئے تھے، ان کے ساتھ باتیں کی گئیں، انہیں بلایا گیا اور انہیں resettle کیا گیا، انہیں پیسے دیئے گئے اور انہیں اپنے مقاصد کے لیے استعمال کرنے کی کوشش کی جس میں جنرل فیض بھی تھے۔ یہ ساری چیزیں ہو رہی تھیں تو اس وقت خیبر پختونخوا میں جو حکمران تھے، کسی بندے کے ذہن میں یہ نہیں آیا کہ کم از کم ان سے پوچھیں تو سہی کہ آپ انہیں resettle کرنا چاہ رہے ہیں، آپ کس طرح سے کرنا چاہ رہے ہیں یا within army بھی ہمارے باجوہ صاحب یا فیض صاحب تھے، کم از کم within army کے اپنے system میں بھی ہونا چاہیے تھے اور اس بابت میں بعد میں بتاؤں گا کہ آرٹیکل 234 میں جو تبدیلی کرنا چاہ رہے ہیں تو وہ کس وجہ سے لازم ہے۔ کسی نے ان سے پوچھنے کی کوشش نہیں کی اور ابھی چند روز پہلے وہاں کے ایک وزیراعلیٰ صاحب نے ایک بڑا inflammatory بیان دیا ہے۔ اگر آپ دیکھیں تو وہ ایک قسم کی incitement for violence ہے۔ انہوں نے مسجد اور مذہب کو استعمال کیا ہے اور کچھ

ایسی باتیں کی ہیں کہ لوگوں میں اشتعال پھیلا کر، کسی نہ کسی کے مذہبی جذبات ابھار کر خدانخواستہ کوئی نہ کوئی نقصان کرا سکیں۔

جناب چیئرمین! مجھے یاد ہے کہ جب محترمہ شہید ہوئی تھیں تو وہ بھی ایک بہت بڑا حادثہ تھا۔ آپ کو پتا ہے جناب چیئرمین! جب محترمہ پر کارساز میں پہلا attack ہوا تھا، اس کے ایک دن کے بعد اسی جماعت کے لیڈر نے ایک خط تھا جو شاید برطانیہ کے ایک اخبار Independent میں شائع ہوا تھا، اس نے attack کا سارا الزام محترمہ پر ہی لگایا تھا۔ اس نے کہا تھا کہ محترمہ پر جو attack ہوا ہے اس کی سب سے بڑی ذمہ دار محترمہ خود ہیں اور پھر بعد میں تفصیل سے اس آرٹیکل میں بتایا گیا ہے کہ یہ امریکیوں کے ساتھ صلح کرکے آ رہی ہیں اور یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ اس پر attack نہ ہو، یہ اس نے خود کرایا ہے، یہ کیوں بھولتی ہیں کہ مشرف کے ساتھ deal کرکے آ رہی ہیں۔ اگر آپ اس آرٹیکل کو بھی پڑھیں تو اس سے بھی آپ کو یہ لگے گا کہ وہ بھی ایک incitement for violence تھا۔ آپ ان کے ان کے ساتھ گٹھ جوڑ کو بھی دیکھیں، یہ کبھی کسی کو شہید کہتے ہیں، ان کا سارا patron بھی ایسا ہے کہ وہ بھی کبھی مذاکرات کرتے ہیں تو وہ اس پارٹی کے سربراہ کا نام دیتے ہیں۔

جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں کہ PTI کے جو سنجیدہ لوگ ہیں، علی ظفر صاحب کافی سنجیدہ ہیں، ان جیسے لوگ پارٹی کے اندر کیوں نہیں پوچھتے کہ آپ انہیں settle کرنا چاہ رہے ہیں، انہیں لا رہے ہیں، انہیں آپ نے سیاسی اتحادی بنایا ہوا ہے تو long term میں اس کے کیا repercussions ہوں گے۔ ان کی جماعت والے بھی اس سوچ کے hostage بنے ہوئے ہیں اگر یہ بولتے ہیں تو ان کے hard liners یا ان کا جو social media ہوتا، وہ ان پر attack کرتا ہے اور ان کے خلاف گالم گلوچ کرتا ہے، یہ سوشل میڈیا ایک بہت بڑی بیماری بنی ہوئی ہے اور اس نے ہمارے youngsters کا brainwash کر دیا ہے، انہیں گالم گلوچ سکھا دی ہے، اس نے معاشرے میں ایک قسم کا بگاڑ پیدا کیا ہے۔

ہم سب ابھی دیکھتے ہیں کہ ان کی جماعت میں بھی جو کوئی سنجیدہ سوالات اٹھاتے ہیں، ان کی گالم گلوچ بریگیڈ انہیں گالیاں دینا شروع ہو جاتی ہیں۔ اس کی سب سے بڑی مثال شیر افضل مروت صاحب کی ہے، میں مروت صاحب کی کئی چیزوں سے agree نہیں کرتا لیکن کبھی کبھی وہ بڑی

sensible باتیں کرتے ہیں، وہ اپنی جماعت کے اندر بڑے serious issues اٹھانے کی کوشش کرتے ہیں تو ان پر attack ہوتا ہے۔ چند مخصوص لوگ جو باہر بیٹھے ہوئے ہیں انہوں نے ساری policy hijack کی ہوئی ہے، وہ اسی طریقے سے اسے چلا رہے ہیں تو ان حالات میں موجودہ آرمی چیف اگر ان کے ہاتھ مضبوط کریں کیونکہ باجوہ صاحب کے وقت میں انڈیا کے ساتھ ہمارے تعلقات کے بارے میں ہم نے یہ سنا تھا ہم انڈیا سے کیسے لڑیں گے، ہمارے پاس تو تیل بھی نہیں ہے، ہمارے ٹینکوں اور گاڑیوں میں تیل نہیں ہے اور اسی ملک نے تھوڑے ہی عرصے میں انڈیا کو بھی شکست دی، انہوں نے دنیا میں بھی اپنا لوہا منوایا اور وہ پاکستان کے image میں بہتری لائے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر اس سسٹم میں unity of command ہو تو وہ اس ملک کے لیے بہتر ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ وہ ہونا چاہیے۔

جناب چیئرمین! جہاں تک judiciary کا تعلق ہے تو آپ نے cartels کے بارے میں سنا ہو گا، کوئی drug cartel ہوتی ہے کوئی sugar cartel ہوتی ہے تو کوئی cement cartel ہوتی ہے۔ اسی طریقے سے کسی زمانے میں judicial cartel بھی تھی۔ وہ اپنی مرضی کے ججز لگاتے تھے، ایک ہی سوچ رکھنے والے ججز کو لگاتے تھے، ان کی posting and transfers وغیرہ بھی وہی کرتے تھے اور انہی کے ذریعے سے کراتے تھے۔ یہ بہت ضروری تھا کہ اس میں course correction ہو۔ یہ ہمارے دوست جو چیخ رہے ہیں کہ آپ اپنے ججز لا رہے ہیں، ہم لوگ ایسا mechanism لا رہے ہیں کہ جو Judicial Commission ہے جس میں سیاست دان بھی ہیں، اس میں وکلاء کے نمائندے بھی ہیں، senior judges بھی ہیں اگر وہ سارے مل بیٹھ کر کوئی فیصلے کرتے ہیں اگر کوئی posting or transfer ہے یا کسی کو transfer کرکے ادھر جانا ہے تو کم از کم جیسے پہلے آمرانہ دور ہوتا تھا کہ جو چیف جسٹس چاہتا تھا وہ اس کی مرضی سے ہوتا تھا، کم از کم ابھی وہ تو نہیں ہو رہا ہے۔ یہ بہت اچھا ہو رہا ہے اور ہم اسے بھرپور طریقے سے support کرتے ہیں اور میں اپنے PTI کے دوستوں سے بھی کہوں گا کہ وہ بھی اس میں شامل ہوں۔ ان کی جو isolation policy ہے کہ ہم کسی سے بات نہیں کریں گے، صرف اس سے بات کریں گے جو ان سے بات نہیں کرنا چاہتا تو آپ political parties کے ساتھ بیٹھیں اور اپنے طرز سیاست میں تھوڑی تبدیلی لائیں۔ جس

طریقے سے social media پر misinformation پھیلائی جاتی ہے یہ کسی زمانے میں ہٹلر کا طریقہ کار ہوا کرتا تھا اور اگر آپ جرمنی کی history پڑھیں تو جو Beer Hall Putsch تھا وہ بھی بالکل 9th May کی طرح ہوا تھا اور اس میں بھی جرنل فیض کی طرح کا ایک character General Erich Ludendroff ہوتا تھا، انہوں نے بھی یہی پروگرام بنایا تھا کہ کس طریقے سے ہم power پر قبضہ کریں اور پھر جب وہ چانسلر بنا، پھر President کی موت کے بعد وہ President بھی بن گیا اور چانسلر بھی بن گیا اور انہوں نے اپنی private army کو German Army میں merge کرکے آمرانہ دور اپنایا تو اس ساری history کو سامنے رکھتے ہوئے ہمیں کوئی نہ کوئی steps اٹھانے چاہییں۔ آپ کا بہت بہت شکریہ جناب۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر سید وقار مہدی صاحب۔

**Senator Syed Waqar Mehdi**

سینیٹر سید وقار مہدی: بہت شکریہ۔ جناب چیئرمین! میں اپنی بات شروع کرنے سے پہلے توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ ہماری معزز سینیٹر روبینہ قائم خانی صاحبہ کا ماموں اور ہماری سابق رکن صوبائی اسمبلی روبینہ بشیر قائم خانی کے بھائی عابد قائم خانی جنہوں نے ہمارے ساتھ جمہوریت کے لیے جدوجہد میں بڑا ساتھ دیا تھا۔ ان کا گزشتہ دنوں انتقال ہوگیا۔ وہ بڑے اچھے آدمی تھے اور بعد میں وہ پولیس میں SSP بھی تھے۔ میں ان کی مغفرت کے لیے دعا کرتا ہوں اور اس ایوان سے بھی کہتا ہوں کہ ان کے لیے دعائے مغفرت کریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی، شہادت اعوان صاحب۔

(اس موقع پر ایوان میں دعا کی گئی)

سینیٹر سید وقار مہدی: جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ گزشتہ دو تین دنوں سے جب یہ ستائیسویں آئینی ترمیم کا بل اس ایوان میں پیش ہوا اور اس پر مختلف معزز اراکین کی جانب سے اس پر بحث کی جارہی ہے، بات کی جارہی ہے اور پھر یہ سٹینڈنگ کمیٹی کو بھی یہ جو ترمیم کا بل ہے یہ پھر وہاں پر refer ہوا جہاں اس پر کام جاری ہے۔ جناب چیئرمین! 1973 کے آئین میں یہ ستائیسویں ترمیم ہے اور جنرل ضیاء الحق نے 1973 کے آئین کا جو حلیہ بگاڑا تھا یہ اعزاز بھی پاکستان پیپلز پارٹی کے لیڈرشپ کو حاصل ہے کہ اٹھارھویں ترمیم کے ذریعے اس سارے تقریباً کالے قوانین کا قلع قمع کیا اور

اٹھارھویں ترمیم کے ذریعے 1973 کے آئین کو اس کی شکل میں بحال کیا اور صدر آصف علی زرداری نے اپنے تمام اختیارات پارلیمنٹ کے سپرد کیے۔ یہ پاکستان پیپلز پارٹی کا جمہوریت کے حوالے سے کردار ہے اور میں یہ کہوں کہ آج یہ ایوان موجود ہے یہ ادارے موجود ہیں تو اس میں سب سے بڑی قربانیاں پاکستان پیپلز پارٹی اور جمہوری حکومتوں کی ہیں کہ آج آپ کو آزادی اظہار رائے بھی ہے اور آج یہاں بیٹھ کر بات بھی کرتے ہیں۔ آج آپ ووٹ کا حق بھی استعمال کرتے ہیں تو یہ پاکستان پیپلز پارٹی کی، اس کی قیادت کی قربانیاں، ہماری لیڈر شپ نے، شہید ذوالفقار علی بھٹو نے سب سے پہلی قربانی پیش کی۔ ان کو شہید کیا گیا۔ اُن کے بیٹے شاہ نواز بھٹو کو فرانس کے شہر کے Nice میں زہر دے کے قتل کیا گیا۔ مرتضٰی بھٹو کو شہید کیا گیا۔ محترمہ بے نظیر بھٹو کو لیاقت باغ میں 27 دسمبر کو شہید کیا گیا۔ پیپلز پارٹی کی چار لیڈر شپ نے اپنی قربانیاں پیش کی۔ جن کے مزار گڑھی خدا بخش میں موجود ہیں اور وہ جمہوریت کی روشنی کا مینار ہیں۔ اصل میں یہاں بڑی بڑی باتیں کی جاتی ہیں کہ وہ قربانی پیش کر رہے ہیں یا ان پر ظلم اور جبر ہو رہا ہے اگر ضیاءالحق کا گیارہ سالہ دور دیکھیں۔ میرے فاضل دوست مسرور صاحب نے کل بات کی تھی۔ میرے اور دوستوں نے یہاں پر بات کی۔ اگر تاریخ کو پڑھیں۔ اُس کا مشاہدہ کریں تو پیپلز پارٹی کے ہزاروں کارکنوں کو قید و بند کی صعوبتوں سے گزارا گیا۔ محترمہ بے نظیر بھٹو شہید کو سکھر جیل کے اندر جہاں مئی، جون اور جولائی کے اندر 51 ٹمپریچر ہوتا ہے۔ وہاں 8/10 کے cell میں رکھا گیا جس کا پنکھا بھی آخری نمبر پر چلتا تھا اور اس میں چھوٹا روشن دان تھا۔ آج تو لوگ اڈیالہ جیل کے اندر محل نما جیل گزارتے ہیں۔ آئیں اُدھر اور جا کر سکھر کا اُس cell کو دیکھیں، وہ کال کوٹھڑی جا کر دیکھیں جہاں محترمہ بے نظیر بھٹو شہید نے اڑھائی سال تک تنہائی میں گزارا۔ انہوں نے کوئی demand نہیں کی ہے۔ وہ دری پر سوتی تھی۔ چونٹیاں اور چوہے اُس cell میں گھومتے رہتے تھے۔ یہ پیپلز پارٹی کی لیڈر شپ کی جدوجہد ہے۔ ہمارے چھ سے زائد ساتھیوں نے جیئے بھٹو کا نعرہ لگا کر پھانسی کے پھندے چومے۔

یہاں تو کسی کو بخار ہو جائے تو وہ اللہ اللہ کرتا ہے کہ میں مر نہ جاؤں۔ یہاں تو سامنے پھانسی کا پھندہ تھا، موت سامنے تھی، لیکن بھٹو ازم کے لیے، بھٹو کی محبت میں، آپ کو معلوم ہے کہ ہمارے مسیحی بھائیوں نے سر پر تیل چھڑک کر اپنے آپ کو جلایا اس لاہور میں، اس پنجاب کے اندر۔ یہ محبت ہے، اس کو بھٹو ازم کہتے ہیں۔ اسی لیے کہتے ہیں کہ بھٹو زندہ ہے۔ اسی لیے ہم کہتے ہیں، کیونکہ

بھٹو کی جو تعلیمات ہیں، وہ اس ملک کی ترقی کے لیے، اس عوام کے لیے اور اس ملک کے لیے تھیں۔ اسی لیے کہتے ہیں نا، کہ روشن خیال ہوں گے تو اس ملک میں روشنی کے مینار ہوں گے اور ترقی پسند ہوں گے تو ترقی کے مینار ہوں گے۔ تو ہم روشن خیالی اور ترقی کے ساتھ اس ملک کو آگے لے جانا چاہتے ہیں۔ لیکن اس ملک کو مذہبی جنون میں جھونکا گیا۔ ضیاء الحق نے آ کر اس ملک کے اندر تمام اقدار ختم کر دیے۔

1985 کے غیر جماعتی الیکشن کرائے گئے۔ ہماری غلطی تھی، ہم نے اس میں حصہ نہیں لیا، لیکن وہاں ایسے ایسے لوگ آئے جو گروہی بنیاد پر، لسانی بنیاد پر، مذہبی بنیاد پر آئے، اس کا خمیازہ بھی اس پاکستان نے بھگتا۔ میں آپ کو بتاتا چلوں کہ ضیاء الحق نے ہمارا نشان تلوار چھین لیا تھا۔ محترمہ بے نظیر بھٹو شہید نے تیر کا نشان لیا اور اس کے بعد تیر کے نشان پہ ہم نے الیکشن لڑا۔

محترمہ بے نظیر بھٹو جب 1986 میں لاہور میں اتری تھیں 10 اپریل کو اور ان کا والہانہ استقبال ہوا تھا مینار پاکستان تک، ایئرپورٹ سے لے کے وہاں تک لاکھوں لوگوں کا سیلاب تھا۔ تو اس کے باوجود جب 88 کے الیکشن ہوئے، پھر بھی ہمارا ووٹ چرایا گیا، لیکن ہم نے جمہوریت کی خاطر اس ملک میں اس کو بھی قبول کیا اور آگے بڑھے، کیونکہ ضیاء الحق کے گیارہ سالہ دور کو ہم نے ختم کرنا تھا۔ اس کے سیاہ قوانین کو ختم کرنا تھا۔ ہم نے پی آئی اے کے اندر ریگولیشن 12 کو ختم کیا اور لوگوں کو بحال کیا۔ جو لوگوں پر ظلم و مظالم ہوئے وہ تاریخ کا حصہ ہیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی لڑی، MRD بنائی، اس کے ساتھ جدوجہد کی اور ہمارے صوبہ سندھ کے اندر، چاہے وہ گوٹھ پنڈل خان چانڈیو ہو، چاہے ہمارا جو ہے میہڑ کے اندر ہو، ہمارے لوگوں پہ ڈائریکٹ گولیاں مار کے ان کو شہید کر دیا گیا۔ تھوڑی پھاٹک کیس یہ سارے تاریخ کے قصے ہیں۔ جو کچھ ہوا، اس کو آپ بھلا نہیں سکتے، وہ جدوجہد کا حصہ ہے اور پیپلز پارٹی کا سنہرا باب ہے پوری کی پوری تاریخ۔

دوستوں! یہاں پر ہماری اپوزیشن کہتی ہے کہ ہم اس ایوان کو نہیں مانتے۔ اس حکومت کو نہیں مانتے لیکن اپوزیشن لیڈر کے لیے وہ روزانہ شور کرتے ہیں۔ جب ایوان کو آپ نہیں مانتے۔ حکومت کو جعلی حکومت کہتے ہیں۔ اس ایوان کو جعلی کہتے ہیں تو اپوزیشن لیڈر کس چیز کے لیے؟ اس کا شور کس بات کا؟ آپ سارے حصے میں شریک بھی ہیں۔ ایک میری ساتھی سینیٹر نے کہا کہ آپ دوروں پر تو سب جگہ جا رہے ہیں لیکن یہاں کا کچھ پتا آپ کو نہیں ہے۔ ساری مراعات آپ حاصل کر

رہے ہیں۔ گاڑیاں آپ کے پاس ہیں۔ ہر چیز سے آپ فیض یاب ہو رہے ہیں۔ پھر ایک طرف آپ کہتے ہیں اپوزیشن لیڈر۔

دوستوں! مسئلہ یہ ہے۔ ان کے ساتھ میں ان کے لیے ایک شعر پڑھوں:

خوب پردہ ہے کہ چلمن سے لگے بیٹھے ہیں
صاحب چھپتے بھی نہیں سامنے آتے بھی نہیں

یہ ہماری اپوزیشن کا حال ہے۔ تو جب یہ ستائیسویں ترمیم پیش ہوئی۔ اس سے پہلے بڑی باتیں کی گئیں۔ بلاول بھٹو زرداری صاحب نے ٹویٹ کیا اور یہ بتایا کہ مسلم لیگ (ن) نے ہم سے یہ بات کی ہے۔ ہم نے چھپایا نہیں۔ قوم کے سامنے ساری بات رکھی۔ کیونکہ ہم عوام کے نمائندے ہیں اور عوام میں سے آئے ہیں۔ ہم کسی سرکاری گملے میں پیدا نہیں ہوئے۔ ہم عوام میں سے آئے ہیں۔ انہوں نے ساری چیزیں سامنے رکھیں۔ ہم نے صوبائی خود مختاری اور NFC پر کوئی آنچ نہیں آنے دی۔ چونکہ یہ ہماری جدوجہد کا حصہ ہے، ہم نے 18ویں ترمیم پر کوئی آنچ نہیں آنے دی لیکن آپ بحث برائے بحث، تنقید برائے تنقید کرتے ہیں۔ آپ کی بات میں کوئی logic نہیں ہے۔ اگر آئینی عدالتوں کی بات ہو رہی ہے تو وہ COD کا حصہ رہی ہے۔ اس پر ان کے sign ہیں لیکن آج مکر جاتے ہیں۔ یہی منافقت سمجھ میں نہیں آتی۔

ججز کی ٹرانسفر پر کیا issue ہے؟ عدلیہ آزاد ہے۔ آرٹیکل 243 کی بات کریں تو کیا آپ کو خوشی نہیں ہے کہ پاکستان نے ہندوستان کے خلاف جنگ جیتی، اس کے سات رافیل طیارے گرائے جس کے بارے میں آج ٹرمپ بھی کہتا ہے کہ پاکستان نے ان کے سات طیارے گرائے۔ ان کو اذیت ناک اور شرم ناک شکست سے دوچار کیا۔ آج دنیا آپ کا بیانیہ مان رہی ہے جبکہ ان کا بیانیہ مسترد کر دیا ہے۔ یہ ہماری خارجہ پالیسی کی جیت ہے۔ اس میں جہاں وزارتِ خارجہ کا کردار ہے، وہاں میرے بلاول بھٹو زرداری کی جو پارلیمانی کمیٹی تھی، اس کا بھی بہت بڑا کردار ہے۔ اس حوالے سے بلاول بھٹو زرداری نے بھی اپنی صلاحیتوں کو منوایا ہے اور ہندوستان کے بیانیے کو وہاں پر زیرو کیا ہے۔ آپ کیا بات کرتے ہیں۔ آج ہمارے کمانڈر ان چیف نے، ہمارے فیلڈ مارشل نے جس طریقے سے ہندوستان کو سبق سکھایا ہے، ہماری فوج نے، ہماری بری افواج نے، ہماری فضائی افواج نے، ہماری بحری افواج نے، ہمیں ان پر فخر ہے۔ ہم نے ان کو decorate کیا ہے تو ٹھیک کیا ہے۔ آج

ہندوستان پوری دنیا میں شکل دکھانے کے قابل نہیں ہے۔ آج مودی کے خلاف اس کے ملک کے اندر سے ہی اختلاف پیدا ہو گیا ہے۔ یہ پاکستان کی جیت ہے۔

اگر آپ پاکستان کو آگے بڑھانا چاہتے ہیں اور یہ جو 27ویں ترمیم ہے، پاکستان کو آگے لے کر جائے گی، اس سے جمہوریت بھی مستحکم ہو گی۔ اس سے آئین میں بھی بہتری آئے گی۔ بات یہ ہے کہ بہتری کے لیے ترامیم آتی ہیں۔ میں آپ کو اس floor سے یقین دلاؤں گا کہ پاکستان پیپلز پارٹی آئندہ کسی ترمیم کی ایسے ہی حمایت نہیں کرے گی بلکہ ہم اس ترمیم کی حمایت کریں گے جو عوامی مفاد اور جمہوریت کے مفاد میں ہو گی۔ یہ ترمیم جمہوریت کے مفاد میں بھی ہے اور عوامی مفاد میں بھی ہے۔

چیئرمین صاحب! میں آپ کی توجہ دلاؤں گا، یہاں آپ کی سیٹ سے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے ایک ruling دی تھی کہ یہاں پر کسی لیڈر کی تصویر نہیں لگائی جائے گی۔ شاید یہ ruling موجود ہے جو کہ ہم نے خود سنی تھی۔ آپ مجھے بتایئے کہ یہ کیا ہے؟ آپ غلط کام کیوں کر رہے ہیں؟ اس حوالے سے chair کی ruling ہے۔ اگر ایسا کریں گے تو میں اتنا بڑا فوٹو لاؤں گا کہ ایوان کے اندر نظر آئے گا۔

سینیٹر فلک ناز: ہم تو جمہوریت کے علمبردار ہیں۔ آپ کے لیڈر کے پاس تو کوئی جواب نہیں، آپ کس طرح بات کرتے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: فلک ناز صاحبہ! آپ پلیز بیٹھیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: وقار مہدی صاحب! آپ مہربانی کر کے chair سے مخاطب ہوں۔ فیصل صاحب! آپ پلیز بیٹھیں۔

سینیٹر سید وقار مہدی: میں کوئی آپ کی پارٹی کا آدمی تھوڑا ہی ہوں۔ دیکھیں، بات یہ ہے کہ اصول سب کے لیے ہونا چاہیے۔ پھر ہم اتنی بڑی بڑی تصویریں لائیں گے کہ یہ نظر بھی نہیں آئیں گے۔ یہاں صرف نمبر بناؤ تحریک چلتی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: مشعال صاحبہ! آپ پلیز بیٹھیں۔

سینیٹر سید وقار مہدی: جناب! میں یہاں بات اپوزیشن لیڈر کے حوالے سے کر رہا تھا۔ یہ اس الیکشن پر بڑی تنقید کرتے ہیں، 2018 میں کیا ہوا تھا؟ وہ جو RTS والا الیکشن ہے، اس میں تو ایسے ایسے لوگ جیت گئے جو گھر جا کر سو گئے تھے، پتا نہیں ان کو اٹھایا گیا کہ جی، آپ جیت کر MNA بن گئے، آپ MPA بن گئے۔ یہ کیا تھا، یہ کون سا الیکشن تھا؟ جو الیکشن 2024 میں ہوا، بالکل fair الیکشن ہوا کیونکہ fair الیکشن میں یہ آ نہیں سکتے۔ بات یہ ہے کہ ٹھپے والے اصل ووٹ کے ذریعے نہیں آ سکتے۔ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ شفاف اور صحیح الیکشن کی حمایت کی ہے۔ ہم ہمیشہ یہ کہتے رہے ہیں کہ منصفانہ، غیر جانبدارانہ اور شفاف الیکشن کروائے جائیں۔ ہم اس کے حمایتی رہے ہیں۔ میں اپوزیشن سے یہی کہوں گا کہ تنقید برائے اصلاح کریں، تنقید برائے تنقید نہ کریں۔ کمیٹیوں میں اپنا حصہ ڈالیں تاکہ جمہوریت کو آگے بڑھایا جاسکے۔ صرف یہی کہ آپ تنقید کریں اور آپ کے پاس logic تو کوئی ہے نہیں، آپ کے پاس کوئی دلیل نہیں ہے، صرف کسی کو خوش کرنے کے لیے تنقید کرنا ہے۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: وقار صاحب! بہت شکریہ۔ ایوان کی کارروائی ساڑھے تین بجے تک ملتوی کی جاتی ہے۔ جو speeches رہ گئی ہیں، جب ساڑھے تین بجے آئیں گے تو باقی اپنی speeches کریں گے۔

---------------

*[The proceedings of the House were adjourned till 3:30 pm]*

---------------

(وقفے کے بعد 3 بج کر 40 منٹ پر اجلاس دوبارہ جناب چیئرمین کی صدارت میں شروع ہوا)

جناب چیئرمین: نائیک صاحب! آپ کا Order No. 2 ہے۔ شروع کریں۔

## Presentation of report of the Standing Committee on Law and Justice on [The Constitution (Twenty-seventh Amendment) Bill, 2025]

Senator Farooq Hamid Naek: I, Chairman, Standing Committee on Law and Justice, present report of the Committee on a Bill further to amend the Constitution of

the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Twenty-seventh Amendment) Bill, 2025].

Mr. Chairman: Report stands laid.

سینیٹر منظور احمد صاحب! آپ preside کرتے رہے ہیں، آپ بول نہیں سکے۔ جی۔

سینیٹر فاروق حامد نائیک: اگر آپ اجازت دیں کہ کمیٹی میں جو چیدہ چیدہ ترامیم کی گئی ہیں، میں ان کے بارے میں تشریح کروں۔

جناب چیئرمین: جی آپ ضرور کریں۔

**Senator Farooq Hamid Naek**

سینیٹر فاروق حامد نائیک: جناب! یہ جو 27 ویں ترمیم ہے جو وزیر برائے قانون اور حکومت کی طرف سے پیش کی گئی، جو بل تھا، اس کو آپ نے Joint Committee of the Standing Committee of Law and Justice of Senate and National Assembly کو بھیجی for the purpose of detail discussion on the said Bill. دونوں کمیٹیوں کی joint session ہوا جس کی میں بطور چیئرمین، قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف اور چوہدری محمود بشیر ورک صاحب، چیئرمین، قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف، قومی اسمبلی، اس کو preside کیا۔ کمیٹی کے تمام اراکین نے اس میں شرکت کی۔ اس کے علاوہ ہم نے Special Invitees کو بھی بلایا جنہوں نے کچھ ترامیم کو propose کیا تھا۔۔۔

جناب چیئرمین: .Excuse me آپ اگر اپوزیشن کو بلالیں، وہ رپورٹ پیش ہوئی ہے۔ اس پر نائیک صاحب وضاحت کر رہے ہیں اور وہ آپ کا کہنا مانیں گے۔ جی۔

سینیٹر فاروق حامد نائیک: جناب! یہ deliberations دو دن صبح سے شام تک ہوتی رہی ہیں۔ جو بل اس ایون میں پیش کیا گیا تھا، کمیٹی نے اس میں کافی changes کیں۔ سب سے پہلے جو ترمیم تھی، بل میں یہ propose کیا تھا کہ Federal Constitutional Court بنایا جائے۔ اس وقت سپریم کورٹ میں Constitutional Benches ہیں جو کہ 26 ویں ترمیم میں بنی تھیں۔ کیونکہ Charter of Democracy جو شہید محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ اور میاں نواز شریف صاحب نے sign کیا تھا اور باقی پارٹیوں نے endorse

کیا تھا۔اس کو مد نظر رکھتے ہوئے یہ Federal Constitutional Court کی تخلیق کا اس بل میں ذکر کیا گیا۔ کمیٹی نے اس عدالت کو بنانے کے لیے unanimously approve کیا مگر انہوں نے بل میں کچھ تبدیلیاں کیں۔ سب سے اہم تبدیلی جو کی گئی، وہ یہ تھا کہ جو آئینی عدالت بنے گی،اس میں تمام صوبوں کی برابر نمائندگی ہوگی اور اسلام آباد ہائی کورٹ سے بھی نمائندہ لیا جائے گا تاکہ تمام صوبے اور اسلام آباد ہائی کورٹ کا بھی اس Constitutional Court میں حصہ ہو۔

کمیٹی نے deliberations کے بعد دوسری جو تبدیلی کی، پہلے یہ تھا کہ ہائی کورٹ کے جج کو اگر nominate کیا جائے گا for the Constitutional Court, اس کو کم از کم سات سال کا تجربہ ہو، he must be a Judge of the High Court at least seven years. اس میرٹ کو broad-based کرنے کے لیے کمیٹی نے یہ تجویز دی جو کہ مان لی گئی، کمیٹی کے تمام ارکان کے کہنے پر اس سات سال کو پانچ سال کر دیا گیا ہے۔ یہ جو appointment کا qualifying period ہے،اس کو سات سال سے پانچ سال کر دیا گیا۔

کمیٹی نے inter-se seniority of the sitting Supreme Court Judges کو بھی مد نظر رکھتے ہوئے کہا کہ اگر sitting Supreme Court Judges میں سے Constitutional Court میں appointment ہوگی تو ان کی inter-se seniority وہی رہے گی جو اس وقت exist کرتی ہے۔ لیکن اگر fresh appointments ہوں گی کسی وکیل کی یا ہائی کورٹ کے ججز کی from the Constitutional Court تو ان کی seniority will be reckoned from the date they will assume the office. اگر تین یا چار جج ایک ہی دن حلف لیتے ہیں تو پھر on the basis of their age ان کی seniority کو مانا جائے گا۔

26 ویں ترمیم میں Judicial Commission of Pakistan کی تخلیق کی گئی۔اس میں ایک ممبر جو woman and non-Muslim تھا،وہ سپیکر صاحب کی صوابدید تھی کہ وہ ایک عورت کو یا ایک غیر مسلم کو بطور جوڈیشل ممبر اپنی طرف سے نمائندہ تجویز کر سکتے ہیں۔ کمیٹی نے اس کو تبدیل کیا۔ انہوں نے retain کیا woman اور non-

Muslim کواور ایک Technocrat کو بھی add کر دیا گیا۔ اب یہ ہوگا کہ اگر سپیکر صاحب جوڈیشل کمیشن آف پاکستان کے لیے کوئی ممبر چنیں گے تو اس میں یا عورت یا غیر مسلم یا ٹیکنوکریٹ،جو qualify کرتا ہے to become a Member of the Parliament جو کہ سینیٹ میں بھی دکھایا گیا ہے کہ ٹیکنوکریٹ کے لیے کتنا اس کا experience ہونا چاہیے، اس کو مد نظر رکھتے ہوئے اس شق کو add کیا گیا۔

پہلے سپریم کورٹ کے پاس *Suo motu* powers تھیں، وہ اپنی مرضی سے کسی کیس کو بھی 183 کو invoke کر کے سن سکتے تھے۔ اس میں ہم نے یہ تبدیلی کی، *Suo motu* powers کو تو رکھا ہے مگر judicial restraint کو سامنے رکھتے ہوئے تاکہ judicial restraint کو ensure کیا جائے۔ یہ جو *suo motu* powers ہیں، ان کو Constitutional Court exercise کرے گی۔ اس وقت جب کوئی شخص درخواست دے گا اور اگر Constitutional Court satisfy ہوگی کہ یہ درخواست جو *suo motu* powers کو exercise کرنے کے لیے آئی ہے، وہ valid ہے یا اس کی ضرورت ہے تب اس کی hearing ہوگی ورنہ نہیں۔

پہلے Article 199 of the Constitution میں جو revenue matters تھے، اس میں ایک clause add تھا کہ چھ مہینے تک interim stay order رہے گا، مل سکتا ہے اور یہ اس وقت تک رہتا تھا کہ جب تک اس کیس کو decide نہ کیا جائے۔ اس کی وجہ سے بے اندازہ backlog تھا۔ حکومت کا revenue stuck-up ہوا تھا کیونکہ tax cases میں لوگ stay لے لیتے تھے اور حکومت کے cases سالہا سال نہیں چلتے تھے، کئی کیسز ہوں، پانچ سال، دس سال نہیں چلے۔ اس کو مد نظر رکھتے ہوئے کمیٹی نے یہ شق ڈالی، چھ مہینے اور add کر دیے مگر ایک سال کے اندر اگر کیس کا فیصلہ نہ ہوا تو automatically stay order vacate ہو جائے گا۔

اس کے علاوہ transfer of Judges کی بھی بات ہوئی۔ پہلے جو بل میں propose کیا گیا تھا اور پہلے بھی 26 ویں ترمیم میں یہ بات تھی کہ transfer of Judges ہو سکتا ہے by the President of Pakistan مگر اس میں consent لینی پڑتی تھی

اور consultation کرنی پڑتی تھی by the two Chief Justices جو کہ وہ چیف جسٹس کے کورٹ سے ٹرانسفر ہو رہا ہے اور وہ چیف جسٹس جس کے کورٹ میں ٹرانسفر ہوگا۔ اور اس جج کی بھی جس کی ٹرانسفر ہو رہی ہے۔ کمیٹی میں جو بل میں propose کیا گیا ہے، اس میں transfer کا طریقہ تبدیل کیا گیا۔ اب transfer کا طریقہ یہ ہوگا کہ جب ایک جج کی ایک ہائی کورٹ سے دوسرے ہائی کورٹ میں transfer through Judicial Commission of Pakistan ہوگی۔ آپ کو علم ہے کہ Judicial Commission of Pakistan 26th Constitutional Amendment کے تحت بنی۔ اس میں تمام لوگوں کی نمائندگی ہے۔ اس میں Executive بھی ہے، Parliamentarians بھی ہیں، Judges بھی ہیں، civil society بھی ہے اور وکلا کی بھی، پاکستان بار کونسل کی نمائندگی ہے۔

اب یہ جو تجویز آئی کہ Judicial Commission of Pakistan transfer کرے گا on the terms and conditions to be determined by the Judicial Commission of Pakistan مگر انہوں نے ایک شق یہ لگائی ،ایک قدغن یہ لگائی کہ اگر ایک جج کا ٹرانسفر منظور ہوتا ہے by the Judicial Commission of Pakistan, تو he will stands retired automatically.

اس پر کمیٹی نے deliberations کیں اور اس کو ہم نے تبدیل کیا۔ انہوں نے کہا کہ automatically وہ retire نہیں ہوگا بلکہ یہ reference file ہوگا Supreme Judicial Council کے پاس اور اس کو opportunity of hearing بھی دی جائے گی کہ کس وجہ سے وہ decline کر رہا ہے اور اگر Supreme Judicial Council یہ فیصلہ کرتی ہے، یہ report دیتی ہے کہ اس نے transfer ہونے کے لیے valid reasons نہیں دیے، تو اس کو دوسرے High Court جانا چاہیے تھا، then he stands retired. اس کے علاوہ Presidential immunity کے اوپر بھی Bill کے اندر تھا، جو Bill کے اندر propose کیا گیا کہ life-long immunity دی جائے to the President. اس وقت جو شق ہے کہ President has immunity

against all criminal proceedings during his term کہا گیا ہے، یہ change کی گئی کہ ان کو lifetime کے لیے immunity ہے against the criminal proceedings. مگر committee نے اس کے اندر ایک caveat ڈالا ہے، وہ یہ ڈالا ہے کہ immunity جو ہے President کی وہ public office پر apply نہیں ہوگی اگر وہ public office holder بن جاتا ہے election لڑنے کے بعد تو یہ during the term, he is an office of public holder but the moment he ceases to be the public office holder یہ immunity ان کے پاس نہیں ہوگی immunity ان کو واپس آ جائے گی۔ اس کے علاوہ Bill کے اندر consequential amendments ہیں۔ یہ جو main amendments ہیں جو میں نے آپ کو بتائیں، یہ ساری چیزیں committee نے Judicial independence, accountability and institutional balance کو مد نظر رکھتے ہوئے کی ہیں۔

میں آخر میں تمام Committee Members کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ انہوں نے constructive participation کی اور valuable contribution دی۔ خاص طور پر میں شکریہ ادا کرتا ہوں Chairperson Standing Committee of National Assembly چوہدری محمد بشیر ورک کا اور Members of National Assembly of Standing Committee on Law and Justice for their cooperation and consensus-oriented approach. I also acknowledge the cooperation of Minister for Law and Justice, Mr. Azam Tarar and his team for their valuable contribution in the deliberation. یہ جو report ہم نے پیش کی ہے یہ collective wisdom and bipartisan spirit of the Parliament aimed at reinforcing the Constitutional order and ensuring the independence, integrity and accountability of our judicial system.

آخر میں، میں Senate کی Standing Committee on Law and Justiceکی Secretary Mrs. Rabia Anwar کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں ان کیvaluable contributionجو انہوں نے کمیٹی کے دوران دیں اور جو report مرتب کرنے کے اندر میں سمجھتا ہوں ان کی valuable assistance ہے۔ ہم سب ان کے شکر گزار ہیں اور بہت اچھیreportانہوں نے تیار کی ہے۔ بہت بہت شکریہ .Chairman Sahib

جناب چیئرمین: سینیٹر فیصل علی سبز واری صاحب۔

سینیٹر سید فیصل علی سبز واری: بہت شکریہ جناب چیئرمین۔

Mr. Chairman: No slogan. Please, don't interrupt he is speaking, Parliamentary Leader of MQM is speaking, please. Order in the House. Senator Falak Naz Sahiba no slogans.

سینیٹر سید فیصل علی سبز واری: بہت شکریہ جناب چیئرمین، مجھے گفتگو کا موقع دینے کا۔ یہ آئینی ترامیم جو کہ ستائیسویں آئینی ترمیم کے نام سے ایوان بالا میں گزشتہ دنوں پیش کی گئیں، اور اس پر Standing Committee on Law and Justiceنے اور Standing Committee of National Assembly نے بھی بحث کی۔ ابھی محترم Farooq Naek Sahib نے اس کیreport پیش کی ہے۔

Mr. Chairman: Please Order in the House.

سینیٹر سید فیصل علی سبز واری: جی، میں گزارش کر رہا تھا کہ اگر میں یہ مصرعہ پورا بتادوں میری بہن کو وہ بھول گئی ہیں، لیکن خیر۔

جناب چیئرمین: آپcontinue کیجیے۔

سینیٹر سید فیصل علی سبز واری: میں اب ایک ایسے موضوع پر اظہار خیال کرنا چاہتا ہوں جو مجھے لگتا ہے کہ علی ظفر صاحب اور ان کے دیگر احباب جو وہاں پر بیٹھے ہیں، ہمارے حزب اختلاف کی نشستوں پر، ان کے بھی دل کے قریب ہوگا۔

Mr. Chairman: Please take your seats.

**Senator Syed Faisal Ali Subzwari**

سینیٹر سید فیصل علی سبزواری: جناب چیئرمین ! اس report میں ذکر ہے کہ، اصل میں مسئلہ یہ ہے کہ ہم کبھی نہ کبھی اس دور سے گزرے ہیں، اور یہ بڑی بد قسمتی ہے ہماری کہ اس دور سے گزرنا پڑتا ہے۔ لیکن ایسا ہی ہے and as I have stated numerous time earlier کہ جب آپ اپنا space concede کرتے ہیں تو آپ کے بعد میں آنے والے کو اس سے بھی کم space ملتا ہے۔ کاش ہم سیاستدان جب ہمارے ہاتھ میں مکمل موقع ہو تو ہم اس وقت بھی اتنے ہی انصاف پسند، اتنے ہی merit اور اصول پر عمل کرنے والے ہوں بد قسمتی کے ساتھ ہمیں یہ لگتا ہے کہ we are having a field day اور خوشبیر سنگھ شاد نے کہا تھا کہ ہم بھول جاتے ہیں کہ ہمارا بھی برا وقت آئے گا۔ تو خوشبیر سنگھ شاد کا ایک شعر ہے:

بلندیوں پہ نہ آیا کبھی خیال مجھے
یہاں بھی ڈھونڈ ہی لے گا میرا زوال مجھے

تو ہم بھول جاتے ہیں اور یہ ہوتا ہے، پھر یہ جو ہو رہا ہے۔ سب کے لیے ہی ہے، کیونکہ ہر عروج کو زوال ہے۔ جی، شہادت صاحب،

بلندیوں پہ نہ آیا کبھی خیال مجھے
یہاں بھی ڈھونڈ ہی لے گا میرا زوال مجھے

میں گزارش یہ کرنا چاہتا تھا کہ میرے خیال میں یہ خواتین کی ایک وہاں meeting چل رہی ہے، میری بہنوں کی، بہت اچھی بات ہے۔ لیکن میں ساتھ یہ گفتگو کروں کہ اس رپورٹ میں بھی ذکر ہے جناب فاروق نائیک صاحب نے پیش کہ ستائیسویں آئینی ترمیم میں جہاں مسلح افواج کے مختلف نئے عہدے دیئے گئے ہیں اور term کے اوپر گفتگو کی گئی ہے۔ ہماری خواہش یہ ہے کہ جناب، ان ساری کی ساری ترامیم کے پاس ہونے کے بعد اور آئین پاکستان کا حصہ بننے کے بعد، افواج پاکستان، دفاع پاکستان اور مملکت پاکستان سب کے وقار میں اضافہ ہو اور خاص کر ایک ایسے وقت میں کہ جب ہماری مشرقی سرحد کے اوپر بھارت، جو کہ ہم سے کئی گناء طاقتور، کئی گناء جس کی فوج ہم سے زیادہ مسلح ہے، وہ بیٹھا ہے، اور اس کو بہر حال ہماری مسلح افواج نے اپنے جذبے سے شکست دی۔ لیکن وہ خطرات ابھی تک وہیں کے وہیں ہیں اور پھر ہماری مغربی سرحد پر بھی ایک تنازعہ ہے اور وہ جن کی ہم

نے مہمان نوازی کی کئی دہائیوں تک، بدقسمتی کے ساتھ ہم نے اپنی پالیسیوں اور اپنی کوتاہ نظری، اپنی,short-sightedness کبھی کبھی اپنی,cowardice کبھی اپنی جان بچانے کے لیے، ہم نے یہ ماننے سے انکار کر دیا کہ جناب افغان طالبان اور جو پاکستان میں طالبان کے نام پر دہشت گردی ہے، وہ علیحدہ علیحدہ ہیں۔ اب شاید یہ پتا چل رہا ہے، تو I wish کہ آج کی حکومت، ریاست اور پالیسی ساز once for all اس مسئلے کو settle کریں۔

